Member AKNS

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com

dailydharti@gmail.com

روزنامہ

کشمیر دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد 02 | جمعرات 08 ستمبر 2022ء، 10 صفر المظفر 1444ھ، 24 بھادوں 2079 ب | صفحات 04 / قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 210

آزاد کشمیر کے نوجوان پاکستان کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرنے والوں کی حوصلہ شکنی کریں، فاروق حیدر

جب کشمیری بین الاقوامی سطح پر اپنا مسئلہ خود پیش کریں گے تو دنیا ان کی بات ضرور سنے گی کیونکہ اصل فریق کشمیری ہیں، 15 ویں ترمیم کی کوشش کرنے والوں نے آزاد کشمیر میں پاکستان کے مفاد کو شدید نقصان پہنچایا

مسئلہ کشمیر کو بین الاقوامی سطح پر اجاگر کرنے کے لئے کشمیریوں کو آگے لانا پاکستان کے مفاد میں ہے، پاکستان سفارتی محاذ پر کشمیریوں کی پشتیبانی کرے، سابق وزیراعظم کا جامعات کے طلباء وطالبات سے خطاب

مظفرآباد: سابق وزیراعظم آزاد کشمیر راجہ فاروق حیدر خان کشمیر پالیسی ریسرچ انسٹیٹیوٹ کے زیر اہتمام انٹرن پروگرام کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں۔

مظفرآباد (دھرتی نیوز) سابق وزیر اعظم آزاد حکومت ریاست جموں کشمیر راجہ محمد فاروق حیدر خان نے کہا ہے کہ دنیا میں کشمیریوں کے حق خودارادیت کے لئے آواز بلند کرنے والا واحد ملک پاکستان ہے۔ نوجوان نسل کو آزاد کشمیر میں پاکستان کے خلاف منفی پراپیگنڈہ کرنے والوں (بقیہ 40 صفحہ 03 پر)

توہین الیکشن کمیشن، عمران خان، دیگر کی جواب کیلئے مہلت

جواب جمع کروانے کیلئے مزید وقت دینے یا نہ دینے بارے فیصلہ محفوظ

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان تحریک انصاف کے چیئرمین اور سابق وزیراعظم عمران خان، پی ٹی آئی کے سیکرٹری جنرل اور سابق وفاقی وزیر برائے منصوبہ بندی ترقی وخصوصی اقدامات اسد عمر اور پی ٹی آئی رہنما اور سابق وفاقی وزیر برائے اطلاعات ونشریات فواد احمد چوہدری نے (بقیہ 39 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم شہباز شریف سیلاب سے متاثرہ سگوپل کا دورہ کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

متاثرین سیلاب کو تنہا نہیں چھوڑیں گے بحالی کیلئے کھربوں روپے ضرورت ہیں، شہباز شریف

پورے پاکستان میں سیلاب اور بارشوں سے ہونے والی تباہی سے زیادہ تباہی میں نے زندگی میں نہیں دیکھی

وزیراعظم کا ڈیرہ اسماعیل خان میں سیلاب سے متاثرہ سگوپل کا دورہ کرنے کے موقع پر منعقدہ تقریب سے خطاب

ڈیرہ اسماعیل خان (صباح نیوز) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کی بحالی اربوں نہیں بلکہ کھربوں روپے کا کام ہے۔ ہمارے دوست اور برادر ممالک بالخصوص اس وقت ہماری امداد کر رہے ہیں اور میں ان کا فرداً فرداً اور اجتماعاً بھی شکریہ ادا کرنا چاہتا ہوں۔ یہ چیلنج بہت بڑا ہے اس کے لئے ہمیں ایک، ایک پائی کو امانت جان کر حقداروں کے قدموں میں نچھاور کرنا ہے۔ اس کے اوپر (ن) لیگ، پاکستان پیپلز پارٹی، (بقیہ 25 صفحہ 03 پر)

خاتون جج کو دھمکیاں، عمران خان نے ہائیکورٹ میں نیا تحریری جواب جمع کرا دیا

عدالت اور ججز کی عزت کرتا ہوں، جج زیبا چوہدری سے متعلق الفاظ پر افسوس ہے، غیرارادی طور پر الفاظ منہ سے نکلے، عمران خان

آئندہ ایسے معاملات میں انتہائی احتیاط سے کام لوں گا، نہ تو کبھی ایسا بیان دیا نہ مستقبل میں دوں گا، عدالت میں جمع کرایا گیا جواب

اسلام آباد (صباح نیوز) خاتون جج زیبا چوہدری کو جلسے میں دھمکیاں دینے کے معاملے میں عمران خان نے اسلام آباد ہائی کورٹ میں نیا تحریری جواب جمع کرا دیا۔ عمران خان نے شوکاز نوٹس کے جواب میں عدالت عالیہ میں 19 صفحات پر مشتمل تحریری جواب جمع کرایا ہے۔ عمران خان نے جمع کرائے گئے جواب میں کہا ہے کہ غیر ارادی طور پر منہ سے نکلے الفاظ پر گہرا افسوس ہے، میں نے ہمیشہ اداروں کی عزت پر مبنی رائے کا اظہار کیا ہے (بقیہ 41 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان، سردار صغیر چغتائی شہید کی برسی کے موقع پر ان کی قبر پر پھولوں کی چادر چڑھانے کے بعد دعا کر رہے ہیں۔

صغیر چغتائی کی خدمات ناقابل فراموش، مشن مکمل کرینگے، وزیراعظم

سردار صغیر چغتائی شہید نہ صرف ہمارے خاندان بلکہ آزاد کشمیر کا فخر تھے، انہوں نے اپنی ساری زندگی عوامی خدمت میں وقف کی، انکی سیاسی وسماجی خدمات کی معترف پوری قوم ہے، وہ اعلیٰ اوصاف کے مالک تھے

برسی کی تقریب سے وزیراعظم سردار تنویر الیاس، سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان، ڈپٹی سپیکر اسمبلی چوہدری ریاض، وزراء حکومت خواجہ فاروق احمد، دیوان علی خان چغتائی، سردار میر اکبر خان ودیگر کا خطاب

بنگوئیں راولاکوٹ (پی آئی ڈی، دھرتی نیوز) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر وتحریک انصاف آزاد کشمیر کے صدر سردار تنویر الیاس خان نے کہا کہ سابق ممبر قانون ساز اسمبلی وکشمیر کونسل سردار صغیر چغتائی شہید کے تحریک آزادی کشمیر، ریاستی تعمیر وترقی اور عوامی فلاح بہبود کے ادھورے مشن کو مکمل کریں گے۔ سردار صغیر چغتائی شہید نہ صرف ہمارے خاندان بلکہ آزاد کشمیر کا فخر تھے، انہوں نے اپنی ساری زندگی عوامی خدمت میں وقف کی، سردار صغیر چغتائی شہید کی سیاسی وسماجی خدمات کی معترف پوری قوم ہے، سردار صغیر چغتائی شہید اعلیٰ اوصاف کے مالک تھے۔ وہ آزاد کشمیر کی سیاست میں اور ممبر قانون ساز اسمبلی کی حیثیت سے ایک خاص مقام رکھتے تھے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے آبائی علاقہ بنگوئیں کے مقام پر سردار صغیر چغتائی مرحوم کی پہلی برسی کے موقع پر منعقدہ تعزیتی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ برسی کے اجتماع میں آزاد کشمیر کے سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان، ڈپٹی سپیکر اسمبلی چوہدری ریاض، وزراء حکومت خواجہ فاروق احمد، دیوان علی خان چغتائی، سردار (بقیہ 38 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس، سابق وزیراعظم سردار عتیق احمد خان، چوہدری محمد رشید، فہیم اختر ربانی، چوہدری یاسر سلطان، معاون خصوصی محمد رفیق نیئر ودیگر سردار صغیر چغتائی شہید کے تعزیتی ریفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

وزیراعظم تنویر الیاس عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں، معاون خصوصی اطلاعات

باغ کے تاریخی جلسے میں جو اعلانات کیے ہیں اس سے ترقیاتی منصوبوں کا انقلاب برپا ہوگا اور سہولیات میں اضافہ ہوگا

وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کا مظفرآباد سے لے کر باغ تک آزاد کشمیر کے عوام نے والہانہ اور تاریخی استقبال کیا، رفیق نیئر

باغ (پی آئی ڈی) وزیراعظم آزاد کشمیر کے معاون خصوصی برائے اطلاعات، ماحولیات اور سول انڈسٹریز چوہدری محمد رفیق نیئر نے کہا ہے کہ وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر سردار تنویر الیاس خان کا مظفرآباد سے لے کر باغ تک آزاد کشمیر کے عوام نے جو والہانہ اور تاریخی استقبال کیا یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ سردار تنویر الیاس خان اس وقت آزاد جموں وکشمیر کے عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکے ہیں۔ وزیراعظم سردار تنویر الیاس (بقیہ 42 صفحہ 03 پر)

احتساب عدالت نے رمضان شوگر ملز ریفرنس نیب کو واپس بھیج دیا

ترمیمی ایکٹ کے بعد رمضان شوگر ملز کیس نیب کے دائرہ اختیار میں نہیں

لاہور (صباح نیوز) نیب ترمیمی آرڈیننس 2022 کی روشنی میں وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور سابق وزیراعلیٰ پنجاب محمد حمزہ شہباز شریف کے خلاف رمضان شوگر ملز ریفرنس میں بڑی پیش رفت ہوئی ہے۔ لاہور کی احتساب عدالت کے جج ساجد اعوان نے ریفرنس کو (بقیہ 43 صفحہ 03 پر)

کورونا وائرس، مزید ایک مریض دم توڑ گیا، 158 نئے کیسز رپورٹ

اسلام آباد (صباح نیوز) مہلک عالمی وبا کورونا وائرس کے باعث ملک بھر میں مزید ایک مریض دم توڑ گیا، گذشتہ چوبیس گھنٹوں کے دوران 158 نئے کیسز رپورٹ ہوئے (بقیہ 44 صفحہ 03 پر)

پنجاب حکومت سے رابطہ کر کے آزاد پتن روڈ کا سروے تبدیل کیا جائے، ڈاکٹر خالد

آزاد پتن روڈ پونچھ ڈویژن کی لائف لائن ہے جو کئی ہفتوں سے بند ہونے کے باعث پورے ڈویژن کے لوگ مشکلات کا شکار ہیں

آزاد پتن روڈ کا ڈیزائن طے کرنے والے چیف انجینئر اور معاونین کو نیب کے حوالے کیا جائے جنہوں نے قومی خزانے کو نقصان پہنچایا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے امیر ڈاکٹر خالد محمود خان نے کہا ہے کہ آزاد پتن روڈ پونچھ ڈویژن کی لائف لائن ہے جو کئی ہفتوں سے بند ہونے کے باعث پورے ڈویژن کے لوگ مشکلات کا شکار ہیں، گوئی نالہ روڈ پر گزشتہ تین سال سے کام جاری ہے اس کو فوری مکمل کیا جائے۔ حکومت آزاد کشمیر پنجاب حکومت سے بات کر کے آزاد پتن روڈ کا سروے تبدیل کر کے مستقل حل نکالے، آزاد پتن روڈ کا ڈیزائن طے کرنے والے چیف انجینئر اور معاونین کو نیب کے حوالے کیا جائے جنہوں نے اربوں روپے کا قومی خزانے کو نقصان پہنچایا، جماعت اسلامی ٹرانسپورٹرز کے (بقیہ 26 صفحہ 03 پر)

ہجیرہ: پاکستان مسلم لیگ ن آزاد کشمیر کے صدر شاہ غلام قادر، ممبر اسمبلی سردار عامر الطاف، شکیل اعوان ودیگر ورکرز کنونشن / تقریب حلف برداری سے خطاب کر رہے ہیں۔

مسئلہ کشمیر کے حل کا روڈ میپ اقوام متحدہ کی قراردادیں ہیں، ترابی

حریت کانفرنس کی سربراہی میں بیس کیمپ کے کردار کو موثر بنانے کی ضرورت ہے

اسلام آباد (کے پی آئی) جماعت اسلامی آزاد جموں وکشمیر کے سابق امیر عبدالرشید ترابی نے کہا ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کا روڈ میپ اقوام متحدہ کی قراردادیں ہیں، حریت کانفرنس کی سربراہی میں بیس کیمپ کے کردار کو مضبوط اور موثر بنانے کی ضرورت ہے، مسئلہ کشمیر کے فوری حل کے لئے کشمیر پر جامع پالیسی کے علاوہ مربوط کوششیں کی جائیں، عبدالرشید ترابی اپنے برطانیہ کے ایک (بقیہ 37 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: چیف سیکرٹری آزاد کشمیر محمد عثمان چاچڑ سے سیکرٹری صحت عامہ میجر جنرل ظہیر اختر ملاقات کر رہے ہیں۔

باغ، کمسن بچے کے مبینہ قتل کا فیصلہ، ملوث خواتین کو قید وجرمانے کی سزا

مسماۃ (ز) بیگم زوجہ امجد کو 14 سال جبکہ مسماۃ (ح) بیگم زوجہ بابر علی کو عمر قید کے علاوہ تین تین لاکھ روپے معاوضہ دینے کا حکم

ایک سال قبل قاتل خواتین نے اپنے پڑوسی معید عارف کو کھلونے لینے کے باعث پتھر اور آہنی آلہ سے قتل کر دیا تھا

باغ (پی آئی ڈی) باغ کے نواحی گاؤں چھتر نمبر 2 میں کمسن عمر بچے معید عارف کے قتل کیس کا فیصلہ سنا دیا گیا، سرکار بنام (ز) بیگم وغیرہ میں ضلعی فوجداری عدالت باغ نے مسماۃ (ز) بیگم زوجہ امجد حسین کو 14 سال جبکہ مسماۃ (ح) بیگم زوجہ بابر علی کو عمر قید کے علاوہ مسماۃ (ز) بیگم کو 2 لاکھ اور مسماۃ (ح) بیگم کو 3 لاکھ روپے معاوضہ ورثاء کو ادا کرنے کا فیصلہ سنا دیا۔ تفصیلات کے مطابق باغ کے نواحی گاؤں چھتر نمبر میں قتل ہونے والے کمسن بچے کے کیس میں ضلعی فوجداری عدالت نے فیصلہ سنا دیا فیصلے کے مطابق کہ مسماۃ (ز) بیگم زوجہ امجد حسین قوم گجر سکنہ لیراں قیصری چھتر نمبر 2 تحصیل وضلع (بقیہ 45 صفحہ 03 پر)

صدر ریاست بیرسٹر سلطان محمود چوہدری، سردار عتیق احمد خان، سردار عبدالقیوم نیازی، عبدالرشید ترابی، مولانا سعید یوسف ودیگر سید علی گیلانی کی برسی کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

راولاکوٹ پولیس کی منشیات فروشوں کے خلاف کارروائی، 6 کلو سے زائد چرس برآمد

مجاہد آباد سے تعلق رکھنے والے عفیف نامی ملزم سے 3 کلو 750 گرام، بلال خان سکنہ پشاور سے 2 کلو 380 گرام چرس برآمد

یہ کارروائی ایس ایس پی کی ہدایت پر اے ایس پی کی نگرانی میں ایس ایچ او تھانہ راولاکوٹ نے کی، عوامی حلقوں کا خیر مقدم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) ایس ایس پی راولاکوٹ کامران علی کی ہدایات پر خرم اقبال اے ایس پی راولاکوٹ کی نگرانی میں انسداد اسمگلنگ منشیات مہم کے دوران تھانہ پولیس سٹی راولاکوٹ کی بڑی کارروائی، بابر رفیق ایس ایچ او راولاکوٹ معہ محمد سجاد ایس آئی، محمد ذیشان، عمران کنسٹیبلان و عملہ کار خاص نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عفیف سکنہ مجاہد آباد سے 3 کلو 750 گرام چرس، ایک ضرب پستول 30 بور معہ 8 دانہ راؤنڈ برآمد (بقیہ 46 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: ایڈیشنل چیف سیکرٹری جنرل فیاض علی عباسی بیپرا رولز میں ترمیم کے حوالے سے مشاورتی اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

مشکل فیصلے کر کے ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کرینگے، شاہد خاقان

عمران خان نے آئی ایم ایف سے معاہدے کئے جو عوام کو بھگتنا پڑ رہے ہیں

اسلام آباد (صباح نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر نائب صدر اور سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی نے کہا ہے کہ مشکل فیصلے کر کے ہی ملک کو ترقی کی راہ پر گامزن کریں گے۔ احتساب عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد خاقان عباسی نے کہا کہ نام نہاد احتساب کا عمل کئی سالوں سے چل رہا ہے، سابق چیئرمین نیب کی کارکردگی سب کے سامنے ہے، پٹرول قیمت کے 12 (بقیہ 36 صفحہ 03 پر)

عمران خان بیانات حکمت عملی کے تحت دے رہے ہیں، خواجہ آصف

سابق وزیراعظم بتائیں کہ پاکستان آرمی میں کب میرٹ پر تعیناتی نہیں ہوئی

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیر دفاع خواجہ آصف نے کہا ہے کہ عمران خان بیانات ایک سوچی سمجھی حکمت عملی کے تحت دے رہے ہیں، عمران خان بتائیں پاکستان آرمی میں کب میرٹ پر تقرریاں نہیں ہوئیں۔ اسلام آباد میں وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل کے ہمراہ پریس کانفرنس سے خطاب وزیر دفاع نے کہا کہ گزشتہ دنوں عمران خان نے آرمی چیف کے تقرر سے متعلق ایک (بقیہ 35 صفحہ 03 پر)

اسلام آباد، پی اے سی اجلاس، مختلف محکموں کے ریکارڈ کی پڑتال

میڈیکل کالجز کا اجلاس بیس اور اکیس ستمبر کو مظفرآباد میں طلب کر لیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) پبلک اکاؤنٹس کمیٹی آزاد کشمیر اسمبلی کا اجلاس کشمیر ہاؤس اسلام آباد میں چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی چوہدری انوار الحق کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کے اراکین چوہدری ریاض احمد ڈپٹی سپیکر، رفیق نیئر ایم ایل اے، میاں عبدالوحید ایم ایل اے، غلام محی الدین دیوان ایم ایل اے، کرنل وقار احمد نور ایم ایل اے نے شرکت کی، جبکہ سیکرٹری کمیٹی کے فرائض سیکرٹری اسمبلی چوہدری بشارت حسین نے انجام دیئے محکمہ حسابات کی نمائندگی اے جی عثمان (بقیہ 34 صفحہ 03 پر)

ہجیرہ، آزاد کشمیر کو تجربہ گاہ نہیں بننے دیں گے، شاہ غلام قادر

حکومت ایک ہی دن آزاد کشمیر میں بلدیاتی الیکشن کا انعقاد یقینی بنائے

ہجیرہ (دھرتی نیوز) پاکستان مسلم لیگ (ن) آزاد جموں وکشمیر کے صدر شاہ غلام قادر نے کہا ہے کہ آزاد کشمیر کو تجربہ گاہ نہیں بننے دیں گے حکومت ایک ہی دن پورے آزاد کشمیر میں بلدیاتی الیکشن کا انعقاد یقینی بنائے پی ٹی آئی کی موجودہ حکومت اپنی نااہلی کو چھپانے اور انتخابات (بقیہ 28 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم شہباز شریف کا آذربائیجان کے صدر کو ٹیلیفون، سیلاب متاثرین کیلئے امداد پر اظہار تشکر

اسلام آباد (صباح نیوز) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے آذربائیجان کے صدر الہام حیدر علیوف سے ٹیلی فون (بقیہ 27 صفحہ 03 پر)

سیلاب متاثرین کی بحالی کیلئے حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنا ہوگا، پاکستانی سفیر

بورے والا (صباح نیوز) کویت میں پاکستان کے سفیر ملک فاروق احمد نے کہا ہے کہ طوفانی بارشوں سے آنے والے سیلاب نے وطن عزیز میں تباہی مچائی ہوئی ہے جس سے (بقیہ 30 صفحہ 03 پر)

جامعہ کشمیر کے سکالرز اور تحقیق کے موضوعات بنائیں، وائس چانسلر

تحقیقی عمل کو معاشرے کی فلاح و بہبود سے ہم آہنگ کرنا وقت کی ضرورت ہے

مظفرآباد (دھرتی نیوز) آزاد جموں وکشمیر یونیورسٹی مظفرآباد کے بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز اینڈ ریسرچ کے 85 ویں اجلاس میں پی ایچ ڈی اور ایم فل کے داخلہ جات، مجوزہ تحقیقی موضوعات، سپروائزرز، ریسرچ ایڈوائزری کمیٹیوں کی تشکیل، منسوخی داخلہ جات، سمسٹر توسیع (بقیہ 29 صفحہ 03 پر)

مظفرآباد: وائس چانسلر جامعہ کشمیر پروفیسر ڈاکٹر کلیم عباسی بورڈ آف ایڈوانس اسٹڈیز کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سابق جج رانا شمیم کیخلاف توہین عدالت کیس میں اہم پیشرفت

رانا شمیم اپنا بیان حلفی ثابت کریں ورنہ غیر مشروط معافی مانگیں، چیف جسٹس

اسلام آباد (صباح نیوز) سابق چیف جج گلگت بلتستان رانا شمیم کیخلاف توہین عدالت کیس میں اہم پیشرفت ہوئی ہے، پراسیکیوشن نے گواہوں کی فہرست پیش کر دی، سابق چیف جسٹس ثاقب نثار کا نام شامل نہیں، چیف جسٹس نے ریمارکس دیئے کہ جو بھی ریڈ لائن کراس (بقیہ 47 صفحہ 03 پر)

انٹربینک میں ڈالر مزید مہنگا، 222 روپے کا ہو گیا

کراچی (صباح نیوز) انٹربینک میں ڈالر کی قدر میں اضافہ ہو گیا۔ فاریکس ڈیلر کے مطابق پاکستانی روپے کے مقابلے میں امریکی ڈالر مسلسل غیر یقینی صورت حال کا شکار ہے (بقیہ 48 صفحہ 03 پر)

باغ: وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان باغ کے صحافیوں کے وفد سے خطاب کر رہے ہیں۔

جامعہ پونچھ کے طلباء کا مطالبات کے حق میں احتجاج، سہولیات مہیا کرنے کا مطالبہ

طلباء وطالبات نے رائے چوک میں احتجاج کر کے شاہراہ غازی ملت کو ٹریفک کیلئے بند کر دیا، مذاکرات کے بعد احتجاج ختم

جدید تعلیمی سہولیات مہیا کی جائیں، اگر ہمارے مطالبات کو تسلیم نہ کیا گیا تو آئندہ شدید احتجاج کریں گے، مقررین کا خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جامعہ پونچھ بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز سٹی کیمپس کے طلباء وطالبات نے مطالبات کے حق میں احتجاجی مظاہرہ کیا، گزشتہ روز بدھ کو طلباء وطالبات نے رائے چوک میں احتجاج کر کے شاہراہ غازی ملت کو دو طرفہ ٹریفک کیلئے بند کر دیا جس کے باعث دونوں اطراف سینکڑوں گاڑیاں پھنس کر رہ گئیں اور مسافروں، ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا، بعد ازاں انتظامیہ سے مذاکرات کے بعد طلباء وطالبات نے احتجاج (بقیہ 31 صفحہ 03 پر)

راولاکوٹ: جامعہ پونچھ بیسک اینڈ اپلائیڈ سائنسز سٹی کیمپس کے طلباء وطالبات مطالبات کے حق میں احتجاج کر رہے ہیں

راولاکوٹ سے پراسرار طور پر لاپتہ ہونیوالا کشمیری نژاد برطانوی شہری کا سراغ مل گیا

ریاض خان جمعہ کو راولاکوٹ میں ایک پرائیویٹ کلینک میں آنکھوں کا معائنہ کروانے آئے تھے جہاں سے وہ لاپتہ ہوئے تھے

منگل اور بدھ کی درمیانی رات وہ راولپنڈی کے ایک ہوٹل میں رہائش پذیر پائے گئے، ورثاء وہ کا تفصیل بتانے سے گریزاں

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) راولاکوٹ کے نواحی گاؤں بیرون بیڑیں سے تعلق رکھنے والا پاکستانی نژاد برطانوی شہری ریاض خان جو گذشتہ جمعہ کو پہلے راولاکوٹ سے پراسرار طور پر لاپتہ ہو گیا تھا راولپنڈی میں ایک ہوٹل میں رہائش پذیر پایا گیا ہے۔ ان کے خاندانی ذرائع کے مطابق وہ کئی سال پہلے اسپین کے ورک پرمٹ پر اسپین گئے تھے جہاں سے وہ بعد میں برطانیہ منتقل ہوئے جہاں کئی سالوں سے قیام پذیر تھے، چند ماہ قبل وہ پاکستان آئے اور اپنے بیٹے کی شادی بھی کروائی۔ جمعہ کو وہ راولاکوٹ میں ایک پرائیویٹ کلینک میں آنکھوں کے ایک پرائیویٹ ہسپتال میں چیک کروانے (بقیہ 49 صفحہ 03 پر)

الخدمت فاؤنڈیشن کا متاثرین سیلاب کیلئے فیلڈ ہسپتال قائم

سکھر فیلڈ ہسپتال کے ساتھ گائنی فیلڈ ہسپتال کا بھی آغاز ہوگا، حفیظ الرحمان

لاہور (صباح نیوز) سکھر میں سیلاب اور بارشوں سے متاثرہ افراد کو طبی سہولیات کی فراہمی کے لئے دریائے سندھ کے کنارے ٹینٹ سٹی میں فیلڈ ہسپتال قائم کیا گیا ہے جہاں (بقیہ 33 صفحہ 03 پر)

شیخ تجمل الاسلام کا تحریک آزادی کشمیر میں گرانقدر کردار ہے

کے ایم ایس کے ایگزیکٹو ڈائریکٹر کی برسی کے موقع پر مقررین کا خطاب

اسلام آباد (صباح نیوز) شیخ تجمل الاسلام کا تحریک آزادی کشمیر میں گرانقدر کردار ہے، کشمیر کاز کیلئے ہمیشہ بے باک رہتے تھے 1982 شیخ عبداللہ کے سامنے کلمہ حق (بقیہ 32 صفحہ 03 پر)

Editorial ایڈیٹوریل

راولاکوٹ اور سیلاب

ڈاکٹر محمد صغیر خان

راولاکوٹ...... جی ہاں میرا راولاکوٹ، میری شناخت، میرا چہرہ راولاکوٹ...... جی وہی راولاکوٹ جو کبھی "منی سری نگر" کہلایا تو کبھی اسے "پرل ویلی" پکارا گیا۔ یہ علاقہ جہاں 'وکھرے' لوگوں کا دیس و مسکن ہے وہاں اس کے مزاج ہمیشہ سے مختلف اور انداز سدا الگ سے رہے ہیں۔ کچھ اسے شہیدوں و غازیوں اور زندہ دلوں کی دھرتی کہتے پکارتے ہیں اور کئیوں کے لئے یہ علاقہ "نرا اکھرا" ہوا ہے۔ کسی کو کہنا پڑا کہ یہ لوگ کسی حکومت صدر یا جج کو نہیں مانتے بلکہ ان کے تیور تو ایسے ہیں کہ "سرکار تے ساڑھی اپنی آ، اتوں بندے نال وے ڈاک ڈکڑ تے"۔ اس کا سبب یہ ہے "ٹھپی اٹھی" وی ہزار کمزوریوں کے باوجود راولاکوٹ ہر ظلم ناانصافی اور غیر مناسب رویوں کے خلاف اٹھ کھڑا ہوتا ہے اور جب یہ جاگتا اٹھتا ہے تو اس سے کوئی فرق نہیں پڑتا کہ 'مدمقابل کون ہے، یہی وجہ ہے کہ راولاکوٹ سے بعد و بغض رکھنے والے حکمران ہوں یا سیاسی رہنما، لکھاری ہوں یا پھر انتظامی آفیسران اس علاقے اور یہاں کے وسنیکوں کو "رف ٹف" بلکہ "کھورا کھردرا" کہتے نہیں تھکتے لیکن ان نامناسب رویوں سے راولاکوٹ کبھی بدلا نہ بدلے گا، یہی وجہ ہے کہ جب کسی حکومت، حکمران، جماعت، گروہ یا ادارے نے اس علاقے کو للکارا تو یہ آنکھیں ملتا اٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ اپنی وضع قطع میں یہ علاقہ "مست ملنگ" سا ہے لیکن "سخت سنگ" بھی اور ساتھ اور سنگ میں بھی 'لجپال' سا۔ اس کی علاقے یہ "خصائص" جو بہتوں کے نزدیک شاید "خرابیاں" ہوں اسے خاص انفرادیت عطا کرتی ہیں اور یہ علاقے مدت مدید سے ان خصائل کا پروردہ اور پاسدار رہا ہے۔ صد شکر ہزار ہا تبدیلیوں کے باوجود میرا راولاکوٹ آج بھی ویسا ہی ہے جیسا صدیوں دہائیوں پہلے ہوتا تھا۔ "سنگ، سنگی اور لجپال"...... اپنے اس "رویے" کا اظہار راولاکوٹ نے حالیہ چند دنوں میں یوں کیا کہ مجھے ایسے کٹھور بندے کا دل بلیوں اچھلا اور پتھرائی آنکھیں بھی نم غم زدہ ہو گئیں۔

پاکستان جب بدترین سیلاب کا شکار ہوا تو دیگر علاقوں اور لوگوں کی طرح راولاکوٹ اور اہل راولاکوٹ نے وہاں کے متاثرین کے درد کو شدت سے محسوس کیا۔ اسی لئے ہر کوئی نہ سہی بہت سے لوگ کمر کس کر ان بے کس بے در متاثرین کی معاونت کے لئے نکل کھڑے ہوئے۔ 'الخدمت فاؤنڈیشن' اور دوسری تنظیمیں جو ایک بڑے نیٹ ورک کا لوکل چیپٹر ہیں، نے اس حوالے سے قرار واقعی کام کیا بالخصوص الخدمت کی خدمت کا تو ایک جہان نے اعتراف کیا۔ الخدمت نے متعلقین یہاں ہی متحرک ہوئے۔ انہیں لوگوں کا اعتبار بھی حاصل تھا سو انہوں نے قابل لحاظ کام کیا۔ اسی طرح دوسری دینی تنظیموں سے وابستہ افراد نے بھی کما حقہ محنت کی اور قابل ذکر امداد جمع کی اور سیلاب زدگان کو بہم پہنچائی۔ سرکاری تعلیمی اداروں میں گرچہ محکمانہ احکامات کی روشنی میں 'فنڈز ریزنگ' کا عمل شروع ہوا لیکن اساتذہ کی محنت اور بچوں کی محبت نے توقع سے زیادہ نہیں کئی زیادہ نتائج حاصل کیے جو بہت خوش آئند امر ہے توقع ہے اساتذہ اور معصوم بچوں کی محنت اور محبت اور خلوص پورے احترام سے تنکا تنکا سیلاب متاثرین کو پہنچایا جائے گا۔

بات راولاکوٹ کی ہو رہی تھی تو یہاں دو مقامی فورمز کا خصوصی تذکرہ ضروری ہے۔ ان میں ایک "راولاکوٹ کمیونٹی" ہے، میں اس فورم کی تشکیل، بنیادی کرداروں سے کچھ زیادہ واقف نہیں ہوں کہ اس کے فعال افراد میں سے میں محض عزیز عاصم صادق کو جانتا بلکہ سچ یہ ہے کہ پہچانتا ہوں۔ عاصم صادق ایک نفیس پڑھا لکھا نوجوان ہے اور اکثر سوشل میڈیا پر وہی "راولاکوٹ کمیونٹی" کا پیغام پھیلاتے سناتے نظر آتا ہے۔ عاصم صادق نے کوئی برس دو برس قبل مجھے بتایا تھا کہ اس کمیونٹی کے ممبران کی تعداد ہزاروں میں ہے اور اس کے پاس والنٹیئرز بھی کافی ہیں۔ مختلف موقعوں پر میں راولاکوٹ کمیونٹی کو فعال دیکھتا رہا ہوں۔ بنجوسہ جھیل کے آس پاس کے علاقوں کی صفائی ہو یا پھر مقامی شجر کاری مہم وہ لوگ اپنے وجود کا احساس دلاتے رہے ہیں۔ اس کے علاوہ گزشتہ برس ایک معقول و منظم تقریب کا انعقاد بھی ان کا کریڈٹ ہے۔ یقیناً اس کے علاوہ بھی بہت سے کام وہ کرتے ہوں گے اور عاصم صادق کے علاوہ کئی کردار فعال، متحرک اور کلیدی ہوں گے لیکن میری بدقسمتی کے میں زیادہ جانکاری نہیں رکھتا۔ البتہ بے حد خوش کن امر یہ ہے کہ حالیہ سیلاب کے بعد ریلیف اور امدادی سرگرمیوں کو راولاکوٹ میں راولاکوٹ کمیونٹی نے جس منظم اور خوبصورت انداز میں آگے بڑھایا وہ بے حد قابل ستائش ہے۔ راولاکوٹ کمیونٹی نے لاکھوں روپوں کی اشیاء اور ضرورت کا سامان اپنی محنت سے جمع کیا اور اسے بہت احتیاط کے ساتھ جنوبی پنجاب کے دور دراز گاؤں کے متاثرین تک پہنچایا۔ یہ بلاشبہ ایک مشکل کام تھا لیکن ان نوجوانوں کے حسن تدبیر، اخلاص اور محنت نے یہ سب کر دکھایا۔ میری دانست میں راولاکوٹ کمیونٹی نے راولاکوٹ کے "دیدہ زیب" چہرے کو مزید خوشنما بنایا جس کے لئے انہیں "لکھ مبارکاں" اور "حرف ستائش" ان کا حق ہے۔

راولاکوٹ کمیونٹی کے پہلو بہ پہلو راولاکوٹ سٹیزن فورم بھی اس حوالے سے بے حد فعال ہے۔ راولاکوٹ سٹیزن فورم راولاکوٹ کے لوگوں کا ایک "کھلا ڈلا" سا اکٹھ ہے جس کی سربراہی سردار جاوید ناز ایڈووکیٹ کے ہاتھوں میں ہے۔ سردار جاوید ناز ایڈووکیٹ وقت کے بہترین مقرر، بے لوث شخص، بے حد قابل قدر اور فعال سیاسی کارکن رہے ہیں۔ انہوں نے 'کرونا' سے پیدا ہونے والی بدحالیوں کا بروقت احساس کیا اور اپنے دوستوں، جو مختلف الخیال اور مختلف المزاج ہیں کو اکٹھا کیا اور کرونا کے دوران لوگوں کی بہتوں کی سوچ سے زیادہ مدد کی۔ ان کی خوش قسمتی ہے کہ انہیں حاجی اعجاز حنیف، وسیم اعظم، اظہر محمود، عامر جمیل وغیرہ کی قدم قدم پر معاونت حاصل رہی ہے۔ اس کے علاوہ ان کے فعال معاونین میں خواتین اور حضرات کی ایک معقول تعداد بھی شامل ہے۔ حالیہ سیلاب کے بعد سردار جاوید ناز اور ان کے معاونین اعجاز حنیف، وسیم اعظم، اظہر محمود اور عامر جمیل وغیرہم پھر اکٹھے ہوئے اور انہوں نے سٹیزن فورم اور سیف فاؤنڈیشن کے بینر تلے سیلاب زدگان کی معاونت کے لئے سرگرمی شروع کی۔ اس دفعہ انہیں سردار صغیر ایڈووکیٹ کا ساتھ بھی میسر تھا۔ سردار صغیر کے سیاسی نام و کام کو ایک جانب رکھا بھی دیا جائے تو ان کے اخلاص، نرم دلی اور محنت سے کسی دشمن کو بھی انکار نہیں ہوگا۔ سردار صغیر ایڈووکیٹ اور سردار جاوید ناز ایڈووکیٹ جو ریاستی، سیاسی تاریخ میں اپنے اپنے کردار بلکہ مزاحمتی کردار سے ایک مثال ہیں، نے جب باہم مل کر راولاکوٹ شہر میں دکان دکان، در در پر جا کر سیلاب زدگان کے لئے عملاً جھولی پھیلائی تو اہل راولاکوٹ نے ان کو جوش و جذبے سے نہ صرف سراہا بلکہ ان کی معاونت بھی کی۔ متذکرہ معروف سیاسی کرداروں کا اپنے احباب کے ساتھ یہ عمل ایک یادگار قدم ہے جس نے راولاکوٹ کے کردار کو مزید تابناکی بخشی ہے سٹیزن فورم اور سیف فاؤنڈیشن کی سرگرمی ابھی بھی پورے تواتر اور جوش سے جاری ہے۔ جلد ہی پاکستان اور نیلم ویلی کے متاثرین کے لئے خوشدلانہ اور فراخدلانہ معاونت ان کے گھروں تک پہنچا دی جائے گی۔

سیلاب زدگان کی معاونت ہم سب کا فرض ہے۔ راولاکوٹ کمیونٹی، سٹیزن فورم اور دیگر تنظیموں نے یہ فرض سلیقے اور جوڑ پنے سے ادا کر کے جہاں ہم سب کو "سرخرو" کیا وہاں باہم مل کر کام اور محنت کے فلسفہ کو بھی عام کیا جو یقیناً ہم سب کے لئے ایک بہترین تحفہ ہے...... اور ہاں اس ساری کاوش سے بھی ثابت ہوا کہ میرا راولاکوٹ مانند "سنگ" ہی نہیں بلکہ اپنے "سنگ" میں بھی کمال ہے۔

☆☆☆☆☆☆

ماں کے قدموں تلے جنت ہے

عہد حاضر کی کہانی

ملک نذیر اعوان

قارئین محترم ماں جیسی انمول ہستی اس کائنات میں کوئی اور نہیں۔ ماں کو بھی اپنی اولاد سے بڑھ کر کوئی اور عزیز نہیں ہوتا۔ ماں دنیا کا وہ واحد رشتہ ہے جس کا ذکر میرے پیارے آقا حضرت محمد ﷺ کے بعد خود اللہ پاک کی ذات نے اپنے محبوب نبیؑ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی والدہ ماجدہ کی وفات کے بعد ان کو کوہ طور پر آنے سے پہلے کہا تھا کہ موسیٰ ابھی ذرا سنبھل کر آنا اب تمہارے پیچھے دعا کرنے والی اماں اس دنیا سے چلی گئی ہیں۔ قارئین، تاریخ اس کی گواہ ہے کہ ماں وہ عظیم رشتہ ہے جو ہر قسم کے لالچ سے پاک ہے۔ لیکن ہماری بدقسمتی یہ ہے۔ جو ہمارے معاشرے کا کلچر بن چکا ہے کچھ لوگ والدین کو ستاتے بھی ہیں۔ حتیٰ کہ گالیاں گلوچ بھی دیتے ہیں۔ اسلام میں یہ سخت منع ہے۔ اور قرآن کریم کی سورت بنی اسرائیل میں ارشاد باری تعالیٰ ہے کہ اپنے رب کی عبادت کرو اللہ کے سوا کسی کو معبود نہ سمجھو اور والدین کو اف تک نہ کہو۔ اور نہ ان کو جھڑکو ان کے ساتھ نرمی اور انکساری کے ساتھ بات کرو۔ اور ان کے حق میں دعا کرتے رہو۔ جیسا کہ انہوں نے مجھے بچپن میں پالا ہے۔ قارئین اگر آپ تھوڑا سا غور کریں جس ہمدردی اور جذبے کے ساتھ ماں پوری رات جاگ کر گزارتی ہے۔ جب بچہ خوف کے مارے روتا ہے۔ ماں اس وقت تک بے آرام ہوتی ہے۔ جب تک بچے کے آنسو خشک نہیں ہوتے۔ کیونکہ ماں کی محبت ایک پدری محبت ہوتی ہے۔ ماں اپنی اولاد کے لیے ہر تکلیف برداشت کرتی ہے۔

تو پھر اولاد کا بھی فرض بنتا ہے۔ اپنے ماں باپ کا خیال رکھیں۔ ایک ماں سے کسی آدمی نے پوچھا کہ، آپ کے قدموں تلے جنت ہے۔ جو کہ ماں کی عزت کی نشانی ہے۔ اگر آپ کو اللہ تعالیٰ سے کچھ طلب ہو تو کیا مانگیں گی۔ ماں نے بہت خوبصورت لفظوں میں جواب دیا۔ میں اپنے بچوں کا نصیب مانگوں گی۔ کیونکہ ان کی خوشی کے آگے میرے لیے ہر جنت چھوٹی ہے۔ اس لیے اولاد کو بھی اپنے ماں باپ کا خیال رکھنا چاہیے۔ ماں اپنے بچے کے لیے ہر تکلیف برداشت کرتی ہے۔ ماں کی شان کے متعلق آپ نے حضرت بایزید بسطامیؒ کا واقعہ سماعت کیا ہوگا۔ ایک دفعہ بایزید بسطامیؒ کی والدہ نے آپ سے پانی مانگا۔ جب آپ پانی لے کر آئے تو آپ کی والدہ کی آنکھ لگ گئی۔ تو حضرت بایزید بسطامیؒ کافی دیر تک پانی لے کر اپنی والدہ کے پاس کھڑے رہے حتیٰ کہ صبح ہو گئی۔ آپ کی والدہ محترمہ صبح بیدار ہوئیں تو آپ پانی کا گلاس لے کر اپنی ماں کے پاس کھڑے تھے۔ میرے دوستوں اس کو ماں کا ادب واحترام کہتے ہیں۔ اور اسی وقت حضرت بایزید بسطامیؒ کی ماں نے دعا کی کہ اے میرے پروردگار میرے بیٹے کو اس کا اجر دے۔ ماں کی زبان مبارک سے نکلے ہوئے الفاظ اسی وقت قبول ہو گئے۔ اسی دن کو حضرت بایزید بسطامیؒ کو اللہ پاک نے ولی کا درجہ عطا کیا۔ اور قرآن پاک میں اور پیارے آقا ﷺ کی احادیث مبارکہ میں بھی والدین کی عزت و احترام کو تفصیل کے ساتھ بیان کیا گیا۔ ایک موقع پر ایک صحابیؓ نے پیارے آقا ﷺ سے فرمایا۔ یا رسول اللہ ﷺ میں جہاد میں جانا چاہتا ہوں۔ تو رحمت دو عالم قلب نور رحمت دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ میرے پیارے صحابیؓ آپ کے والدین تا حیات ہیں۔ تو صحابیؓ نے فرمایا۔ یا رسول اللہ ﷺ تا حیات ہیں۔ تو پیارے آقا ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ میرے پیارے صحابیؓ یہی آپ کا جہاد ہے۔ ایک اور موقع پر حضور پرنور آقا دو جہاں ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ کہ جو شخص دن میں ایک دفعہ اپنی محبت بھری نگاہ سے والدین کو دیکھ لے اللہ تعالیٰ اس کو ایک حج اور ایک عمرے کا ثواب عطا کرے گا۔ تو صحابہ کرامؓ نے عرض کیا یا رسول اللہ ﷺ اگر ایک شخص دن میں والدین کو اگر سو دفعہ دیکھے گا تو اللہ پاک اس کو سو حج اور سو عمرے ثواب عطا کرے گا۔ تو رحمت دو عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا۔ میرے پیارے صحابہ کرامؓ اللہ پاک اس شخص کو سو حج اور سو عمرے کا ثواب عطا کرے گا۔ اور وہ لوگ خوش قسمت ہیں۔ جن کے والدین زندہ ہیں۔ قارئین محترم آپ اپنے ماں باپ کی زیادہ سے زیادہ ادب و احترام کریں۔ اللہ کریم آپ سے بہت خوش ہو گا۔ اور آپ اس زندگی میں بھی لطف اندوز ہوں گے۔ اور اللہ پاک آپ کو آخرت میں بھی اس کا صلہ دے گا۔ قارئین، والدین کی وفات کے بعد کوئی لمحہ یا وقت ایسا نہیں گزرا جس میں ہمیں ان کی یاد نہ آئی ہو والدین کے بغیر زندگی کا سفر کس طرح دشوار ہو جاتا ہے۔ یہ وہی لوگ جانتے ہیں جن کے والدین اس دنیا میں نا حیات نہیں ہیں۔ قارئین، ۲۰۱۱ء (فروری میں) پانچ فروری یکم ربیع الاول میں میری والدہ محترمہ کا انتقال ہو گیا تھا اور ۲۴ فروری تیس ربیع الاول کو میرے والد محترم ملک امیر حسین کا انتقال ہو گیا تھا۔ بہر حال یہ ایک اٹل حقیقت ہے کہ ہر ذی روح نے موت کا ذائقہ چکھنا ہے میں ان کی شخصیت پر کیا لکھ سکتا ہوں اور خاص کر میرے والد نے پوری زندگی اپنے علاقے کی سیاسی، سماجی خدمت کی اپنے مفادات کو کبھی نہیں دیکھا تھا اور ہمیشہ دوسروں کے لیے سوچا۔ قارئین محترم، میں آج سے ایک سال پہلے (وادی سون سکیسر نوشہرہ) میں ایک شادی کی تقریب میں تھا ایک بزرگ نے میرا تعارف پوچھا اور والد محترم کا نام سنتے ہی انہوں نے ان کے اخلاق اور شائستگی نرم مزاجی کے بارے میں ایک گھنٹہ بات کی۔ پھر نے میں نے سوچا کہ ہم کتنے بدنصیب ہیں۔ اب ہم پر ان کا سایہ نہیں رہا۔ کاش اگر ہمارے سروں پر ان کا سایہ موجود ہوتا اور ہم بھی ان کی شخصیت کے زیر اثر پروان چڑھتے ہمارے اندر بھی ان کی شخصیت کا کچھ اثر ہوتا۔ میرے پاس وہ الفاظ نہیں ہیں جو میں اپنے والدین کے نظر کر سکوں۔ قارئین، یہ میرے والدین کی دعاؤں کا ہی اثر ہے جو بندہ ناچیز یہاں تک پہنچا ہے۔ آخر میں میری تمام قارئین سے یہ گذارش ہے کہ جن کے والدین تا حیات ہیں ان کی عزت و احترام کا خیال رکھیں اور جن بھائیوں کے والدین اس دنیا سے چلے گئے ہیں ان کی مغفرت کے لیے دعا کریں۔ اللہ پاک سے دعا ہے کہ میرے والدین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔ آمین......اللہ پاک ہم سب کا حامی و ناصر ہو۔

یوم عقیدہ تحفظ ختم نبوت

سید زاہد حسین نعیمی

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت اور اپنی معرفت کے لئے جن برگزیدہ بندوں کو چنا ہے وہ انبیاء و مرسلین کی پاکیزہ جماعت ہے۔ ان پر اللہ تعالیٰ نے اپنی نعمتوں و برکتوں کا نزول فرمایا اور انہیں اپنے انعام یافتہ بندے قرار دیا ہے۔ انبیاء و مرسلین نے اپنے اپنے دور میں رشد و ہدایت کا سلسلہ جاری رکھا۔ اس سعی جمیلہ میں ان کو دکھوں اور تکلیفوں سے گزرنا پڑا۔ بعض نے کلمہ حق کی سربلندی کے لئے جام شہادت نوش فرمایا۔ ان پر پتھر برسائے گئے اور آریوں سے چیر دیا گیا۔ انبیاء و مرسلین کی دعوت حق ہے، اس پر ایمان لانا مسلمان کے لئے لازمی و ضروری ہے۔ ایک بندہ مومن کا ایمان مکمل نہیں ہوتا جب تک وہ جملہ انبیاء اور مرسلین اور ان پر نازل شدہ کتب پر ایمان نہ لائے۔

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلویؒ لکھتے ہیں۔

حضرت آدم علیہ السلام سے ہمارے حضور ﷺ تک اللہ تعالیٰ نے بہت سے نبی بھیجے۔ بعض کا صریح ذکر قرآن میں ہے اور بعض کا نہیں...... اجمالاً یہ عقیدہ ہونا چاہیے کہ اللہ کے ہر نبی پر ہمارا ایمان ہے۔ خواہ وہ ایک لاکھ چوبیس ہزار ہوں یا کم و بیش، غرض اللہ اور رسول نے جنہیں تفصیلاً نبی و رسول بتایا اور قرآن و حدیث میں ان کا تذکرہ آیا، ہم ان پر نام بنام ایمان لائے اور باقی تمام انبیاء پر ہم ایمان لائے ہیں کہ وہ رسل۔ (العقیدۃ الحسنہ، صفحہ ۲۷،۲۶)

حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ لکھتے ہیں۔

اللہ تعالیٰ نے انسانوں میں سے اپنے رسول بھیجے۔ وہ انسانوں کو جنت کی خوشخبری سناتے رہے اور دوزخ سے ڈراتے رہے۔ انسانوں کے کاموں میں راہنمائی فرماتے رہے۔ (تکمیل الایمان صفحہ ۱۰۹)

تمام انبیاء و مرسلین پر ان کی خصوصیات یعنی معجزہ، علم، عیب و نقص سے پاک ہونا، عصمت انبیاء و مرسلین پر ایمان کے ساتھ ساتھ نبی کریم ﷺ کی نبوت و رسالت کی گواہی دینا اور ان کو آخری نبی ماننا لازمی اور ضروری ہے کہ اللہ تعالیٰ نے ان پر اپنا دین مکمل کر دیا اور ان پر نازل کردہ کتاب قرآن حکیم میں شریعت کے احکام مکمل کر دیئے۔ اب رہتی دنیا تک رشد و ہدایت کی کتاب اور ضابطہ حیات یہی قرآن حکیم ہے۔ حضرت شاہ عبدالحق محدث دہلویؒ فرماتے ہیں۔ سب سے پہلے نبی حضرت آدم علیہ السلام ہیں اور سب کے آخرین یعنی خاتم النبیین حضرت محمد ﷺ ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا۔

ولکن رسول اللہ وخاتم النبیین۔

رسول اللہ ﷺ اللہ کے آخری رسول ہیں۔ آنحضرت ﷺ کی پیغمبری سے دین کا کامل کرنا اور مکارم اخلاق کا پورا کرنا مقصود تھا۔ جب یہ مقصد پورا ہو گیا اور اخلاق مکمل ہو گئے تو حضور کے بعد کسی پیغمبر کی ضرورت نہ رہی۔ حضور ﷺ کے خلفاء اور امت کے علماء ہی اسلام کے محافظ اور مددگار بن گئے۔ قیامت تک اس کی اشاعت و نگہبانی کے لئے کافی ہیں۔ (تکمیل الایمان، صفحہ ۱۱۲،۱۱۱)

حضرت شاہ ولی اللہ محدث دہلوی لکھتے ہیں۔

حضور ﷺ خاتم النبیین ہیں، یعنی اللہ عزوجل نے سلسلہ نبوت حضور ﷺ پر ختم کر دیا کہ حضور ﷺ کے زمانہ میں یا بعد کوئی نبی نہیں ہو سکتا۔ جو شخص حضور علیہ السلام کے زمانے میں یا حضور ﷺ کے بعد کسی کو نبوت ملنا مانے یا جائز جانے وہ کافر مرتد خارج از اسلام اور اسلام کی برادری سے قطعاً باہر ہے۔ (العقیدۃ الحسنہ، صفحہ ۹۵)

مفتی خلیل خان قادری لکھتے ہیں:

ما کان محمد ابا احد من رجالکم ولکن رسول اللہ و خاتم النبیین کے صرف اور صرف یہی معنی ہیں جو اس کے ظاہر سے سمجھ میں آ رہے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ سب سے پچھلے نبی ہیں۔ حضور اقدس ﷺ کے وجود پر نبوت کا خاتمہ کر دیا گیا ہے۔ اس کے معنی نہ کوئی تاویل ہے نہ تخصیص یہی معنی تمام صحابہ کرام اور امت کے تمام مفسرین اسلام و محدثین اسلام اور متکلمین عظام و فقہائے کرام غرض تمام امت نے سمجھے اور آج تک یہی معنی بتائے سمجھائے مانے جا رہے ہیں اور یہی معنی خود حضور اقدس ﷺ نے متواتر حدیثوں میں بتائے کہ حضور سید المرسلین ﷺ سب سے پچھلے اور آخری نبی ہیں۔ حضور ﷺ کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی تو قطعاً یقیناً یہی معنی آیہ کریمہ میں اس لفظ سے مراد ہیں۔ اس میں کوئی تاویل کوئی تخصیص نہیں، حق تعالیٰ کی جانب سے خاتم النبیین کا جو منصب جلیل ذات اقدس ﷺ کو عطا ہوا ہے عقل و نقل دونوں اعتبار سے ایک اور صرف ایک ہی معنی رکھتا ہے اور وہ یہ کہ محمد ﷺ آخر انبیاء و رسل ہیں اور نبوت و رسالت کا سلسلہ آپ پر پہنچ کر ختم ہو گیا۔ اب نہ کسی جدید پیغام کی ضرورت ہے نہ کسی نئے پیغمبر کی۔ رہتی دنیا تک یہی کامل پیغمبر انسانی دنیا کے لئے کافی ہے اور بس اس کے خلاف جو کچھ ہے باطل ہے۔ (شرح عقائد الاسلام صفحہ ۹۶، ۹۵)

مولانا نعیم الدین مراد آبادیؒ نے لکھا:

انبیاء کے مراتب میں فرق ہے۔ بعضوں کے رتبے بعضوں سے اعلیٰ ہیں سب سے بڑا رتبہ ہمارے آقا و مولیٰ حضور سید انبیاء محمد مصطفیٰ ﷺ کا ہے۔ حضور ﷺ خاتم النبیین ہیں، اللہ تعالیٰ نے نبوت کا سلسلہ حضور علیہ السلام پر ختم فرما دیا۔ حضور علیہ السلام کے زمانے میں یا حضور علیہ السلام کے بعد کسی کو نبوت نہیں مل سکتی۔ جو شخص حضور علیہ السلام کے بعد کسی کو نبوت ملنا جائز سمجھے وہ کافر ہو جاتا ہے۔ (کتاب العقائد صفحہ ۷)

نبی کریم ﷺ آخری نبی ہیں، آپ کی ذات پر نبوت کا سلسلہ ختم ہوا یہ وہ اجماعی عقیدہ ہے جو تمام صحابہ کرام اور سلف صالحین سے لے کر اب تک کے مسلمانوں کا عقیدہ ہے۔ قرآن و حدیث میں اس پر بیشمار دلائل موجود ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا:

الیوم اکملت لکم دینکم واتممت علیکم نعمتی ورضیت لکم الاسلام دینا

ترجمہ: آج میں نے تمہارے لئے تمہارا دین مکمل کر دیا اور تم پر اپنی نعمت تمام کر دی اور تمہارے لئے اسلام کو بطور دین منتخب کیا۔ (سورۃ مائدہ ۵:۳)

نبی کریم ﷺ نے فرمایا:

ترجمہ: بیشک رسالت و نبوت منقطع ہو چکی ہے پس میرے بعد کوئی رسول ہوگا نہ نبی۔ (ترمذی شریف، جلد ۲، ص ۵۱)

ایک نہیں ایسی بیشمار احادیث ذخیرہ احادیث میں بھری پڑی ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ حضرت ابوبکر صدیقؓ نے خلیفۃ اللہ ہونے کے بجائے خود کو رسول اللہ ﷺ کا خلیفہ قرار دیا اور آپ اپنے دور خلافت میں اعلان نبوت کرنے والوں کے خلاف نہ صرف اعلان جہاد کیا بلکہ ان کا قصہ تمام کر دیا۔

پہلی جنگ یمامہ کے میدان میں جھوٹے مدعی نبوت مسیلمہ کذاب اور اس کے پیروکاروں کے خلاف لڑی گئی...... اس معرکہ میں حضرت خالد بن ولیدؓ کے ہاتھوں مسیلمہ کذاب اپنے سینتیس ہزار پیروکاروں کے لشکر کے ساتھ واصل جہنم ہوا اور عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ کرتے ہوئے شہید ہونے والے صحابہ کرام کی تعداد بارہ سو تھی، جس میں سات سو سے زائد صحابہ ایسے بھی تھے جو کہ قرآن مجید کے حافظ و عالم تھے۔ اس کثیر تعداد میں حفاظ صحابہ کرام کی شہادت عقیدہ ختم نبوت سے ان کی عملی وابستگی اور اہمیت کو ظاہر کرتی ہے۔ (تحریک تحفظ ختم نبوت، صفحہ ۸۹،۸۸)

سیدنا حضرت ابوبکر صدیقؓ سے لے کر غلام قادیانی تک جن جھوٹے مدعیان نبوت نے اپنی جھوٹی نبوت کا اعلان کیا وہ عبرتناک انجام سے دوچار ہوئے۔ مرزا غلام قادیانی نے بھی اپنی جھوٹی نبوت کا اعلان کیا، اس کے پیچھے انگریز کا ہاتھ تھا۔ انگریز نے مسلمانوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے کے لئے مرزا غلام قادیانی کو جھوٹا نبی بننے کے لئے تیار کیا۔ چونکہ مسلمانوں کے دلوں میں نبی کریم ﷺ کی محبت و عقیدت رچی بسی ہے۔ مسلمان سب کچھ برداشت کر سکتے ہیں، لیکن اپنے نبی ﷺ کی شان میں گستاخی برداشت نہیں کر سکتے۔ اس لئے عشق رسول ﷺ کو مسلمانوں کے دلوں سے نکالنے کے لئے انگریز نے متعدد فرقے وجود میں لائے جو تنقیص رسالت کے مرتکب ہوئے اور اس سے ایک قدم آگے بڑھ کر مرزا قادیانی نے اپنی جھوٹی نبوت کا اعلان کیا۔ یہ اس کی خوش قسمتی تھی کہ وہ کسی غازی علم الدین شہید جیسے عاشق رسول کے ہاتھوں واصل جہنم نہیں ہوا۔ شاید اس میں حکمت الٰہی پوشیدہ ہوئی ہو کہ مرزا غلام قادیانی اپنا سارا بغض باطن نکال کر باہر کر دے اور اُسے حضرت پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی جیسے مجدد کے ہاتھوں عبرتناک شکست ہو کر ذلت کی موت واصل جہنم ہو اور یوں رہتی دنیا تک اس کے باطل اور جھوٹے ہونے پر مہر ثبت ہو جائے۔ اب کوئی عقل کا اندھا ہی اس کی عبرتناک شکست اور عبرتناک موت سے دوچار ہو کر واصل جہنم ہونے پر اس کو نبی مان سکتا ہے، ورنہ باشعور اور عقل و بصیرت رکھنے والا ضرور سوچے گا کہ اگر وہ نبی تھا تو پھر اس عبرتناک شکست اور عبرتناک موت کا شکار کیوں ہوا؟

مرزا غلام قادیانی اپنی جھوٹی نبوت کے اعلان سے پہلے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ کی کچہری میں ایک معمولی تنخواہ پر ملازم تھا۔ ملازمت کے دوران ہی اُس نے پادری مسٹر ایم۔ اے بٹلر سے خصوصی تعلقات پیدا کیے۔ یہ عیسائی پادری تھا اور اکثر غلام قادیانی کو ملنے اُس کے پاس آتا تھا...... یہ دراصل برطانوی خفیہ ادارے کا رکن تھا اور یہ ایک مبلغ کے روپ میں یہاں کام کرتا تھا۔ برطانوی انٹیلی جنس کی رپورٹ کے مطابق اس نے چار اشخاص سے انٹرویو کیے تھے، ان سے مرزا غلام قادیانی کو موزوں قرار دے کر جھوٹی نبوت کے لئے نامزد کیا گیا۔ ۱۸۶۳ء میں غلام قادیانی نے ملازمت سے استعفیٰ دے دیا۔ ۱۸۸۰ء میں مجدد ہونے کا اعلان کیا۔ ۱۸۸۲ء میں مامور کے الہام کا دعویٰ کیا۔ ۱۸۸۸ء میں اعلان کیا کہ اُسے بیعت لینے کا حکم ہوا ہے۔ ۱۸۹۱ء میں مسیح موعود ہونے اور ظلی نبی ہونے کا اعلان کیا۔ ۱۹۰۱ء میں اپنے جھوٹی نبوت کا اعلان کیا، نومبر ۱۹۰۴ء میں کرشن ہونے کا اعلان کیا۔ اسی زمانے میں اُس نے جہاد کی منسوخی کا اعلان کیا۔ (ختم نبوت نمبر جلد اول صفحہ ۶۸۵، ۶۸۳، بحوالہ تحریک ختم نبوت ۱۹۵۳ء)

مرزا قادیانی کو علماء و مشائخ اہلسنت نے آڑے ہاتھوں لیا اور تحریری اور تقریری، سیاسی اور قانونی ہر لحاظ سے اُس کا رد کیا۔ چنانچہ علامہ مفتی غلام دستگیر نقشبندی نے ۱۸۸۳ء میں مرزا قادیانی کی کتاب "براہین احمدیہ" کے ابتدائی حصہ دیکھتے ہی اُس کی گرفت کرتے ہوئے "تحقیقات دستگیریہ" لکھ کر رد کیا، اس کتاب کا ۱۸۸۷ء میں عربی ترجمہ ہوا۔ ۱۸۹۲ء میں اُس کے رد میں "فتح رحمانی بہ دفع کید کادیانی" لکھی۔ ۱۸۹۳ء میں مفتی غلام رسول نقشبندی نے عربی میں "الالہام الصحیح فی اثبات حیاۃ المسیح" لکھی، بعد میں مولانا ابوالحسن غلام مصطفیٰ نقشبندی نے اس کا اُردو ترجمہ کیا۔ علامہ ارشاد حسین مجددی نے "فتویٰ در تردید دعاوی مرزا قادیانی" لکھی۔ بالترتیب ۱۸۹۶ء میں علامہ فضل احمد نقشبندی، ۱۸۹۸ء میں حجۃ الاسلام مفتی محمد حامد قادری بریلوی ۱۸۹۹ء سے ۱۹۰۰ء تک پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی نے متعدد تصانیف لکھیں۔ ۱۹۰۱ء، ۱۹۰۲ء، ۱۹۰۵ء، ۱۹۰۶ء، ۱۹۰۷ء، ۱۹۰۸ء، ۱۹۰۹ء تک متعدد مولانا عبدالغفور شاہ، امام احمد رضا، پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی، علامہ غلام قادر بھیروی، علامہ مفتی محمد مصطفیٰ رضا خان بریلوی، مختلف کتب لکھ کر مرزا کا رد کا رد ہی نہیں بلکہ تصنیفی، تبلیغی، صحافتی، عدالتی، مرزا غلام قادیانی کا رد کے ساتھ ساتھ پیچھا کیا جانے لگا۔ یہاں تک کہ مرزا قادیانی کو پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی کے ہاتھوں ۲۵ اگست ۱۹۰۰ء بادشاہی مسجد لاہور مناظرہ سے راہ فرار اختیار کر کے شکست فاش سے دوچار ہوا اور یوں پیر سید مہر علی شاہ گولڑوی ۲۷ اگست کو فاتح قادیانیت کے طور پر واپس گولڑہ شریف تشریف لائے۔ (تحفظ ختم نبوت اور علماء و مشائخ، صفحہ ۵۶)

۲۲ مئی ۱۹۰۸ء میں کو امیر ملت پیر جماعت علی شاہ علی پوری نے بادشاہی مسجد لاہور جمعۃ المبارک کے خطبہ میں مرزا قادیانی کو مباہلہ کا چیلنج دیا۔ مگر مرزا قادیانی مقابلہ میں نہ آیا۔ حضرت امیر ملت نے ۲۵، ۲۶ مئی ۱۹۰۸ء کی درمیانی شب ہزاروں عشاقان رسول ﷺ کے اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے فرمایا "پیشگوئی کرنا میری عادت نہیں، بتا دینا چاہتا ہوں مرزا قادیانی کا فیصلہ ہو چکا ہے۔ خدا کے فضل و کرم سے وہ میرے مقابلے میں نہیں آئے گا کیونکہ میرا نبی سچا ہے اور میں صدق دل سے اس سچے نبی کا غلام ہوں۔ آپ دیکھیں گے کہ اللہ تعالیٰ آئندہ چوبیس گھنٹوں کے اندر اندر اپنے حبیب پاک کے صدقے میں ہمیں اس جھوٹے نبی سے نجات عطا فرمائے گا"۔ آپ کی پیشگوئی سچ ثابت ہوئی۔ ۲۶ مئی ۱۹۰۸ء، ۱۰ بجکر ۱۰ منٹ پر قادیانی مرض ہیضہ میں واصل جہنم ہو گیا۔ (ایضاً، صفحہ ۵۷)

۱۹۰۰ء سے لے کر ۱۹۰۸ء تک علماء و مشائخ عقیدہ تحفظ ختم نبوت کے لئے مسلسل مرزا کا مختلف انداز سے رد کرتے رہے اور یہ سلسلہ اس کے واصل جہنم ہونے سے بند نہ ہوا بلکہ قیام پاکستان کے وقت اور بعد میں ۱۹۵۳ء کی فقیدالمثال تحریک ختم نبوت میں حکومت اور حکومتی اداروں کو مجبور کیا کہ مرزا قادیانی کے پیروکاروں کو بھی منطقی انجام تک پہنچایا جائے۔ چنانچہ ۱۹۷۴ء میں عقیدہ تحفظ ختم نبوت کے لئے پہلے چلنے والی تحریک ختم نبوت میں مرزا قادیانی کے دعوئ نبوت کا پردہ چاک کرتے ہوئے اُسے ملت اسلامیہ سے خارج کرا کر دم لیا۔ ۳۰ جون ۱۹۷۴ء کو علامہ شاہ احمد نورانی کی پیش کردہ قرارداد ختم نبوت قومی اسمبلی سے بالاتفاق طور پر منظور کر کے مرزا قادیانی اُس کے ماننے والوں، قادیانی، مرزائی، احمدی اور لاہوری تمام گروپوں کو ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کو غیر مسلم قرار دے کر ملت اسلامیہ سے خارج کر دیا گیا۔ (ایضاً، صفحہ ۱۱۹ تا ۱۳۲)

یہی وجہ ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کے تحفظ کے لئے ۷ ستمبر ۱۹۷۴ء کی یاد میں ہر سال یوم تحفظ عقیدہ ختم نبوت منایا جاتا ہے۔ پاکستان کا سیکولر طبقہ قومی اسمبلی میں اور اسمبلی سے باہر حقوق انسانی کا رونا روتے رہتے ہیں وہ قادیانیوں کے بارہ میں نرم گوشہ رکھتے ہیں۔ قادیانی اپنی سازشوں سے ملک کے کلیدی عہدوں پر فائز ہو جاتے ہیں، گزشتہ حکومت سے بھی یہ شکایت رہی ہے اور موجودہ حکومت سے اس سلسلہ میں مسلمانان پاکستان کو تحفظات ہیں۔ جیسے شناختی کارڈ، حج فارم، اسمبلی ممبران کے حلف ناموں کے خانوں سے قادیانیوں کا اخراج یہ مسلمانان پاکستان کے لئے تشویش کا باعث ہے۔ اس لئے ۷ ستمبر "یوم تحفظ ختم نبوت" منا کر اس قرارداد کی تجدید کر کے اہل پاکستان واہل ایمان کا پہرا دیتے ہیں جو مسلمان اور پاکستان ہونے کے لحاظ سے قابل ستائش ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کا تاریخی دورہ باغ

سردار محمد پرویز خان
ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر باغ

وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان کو 25 جولائی 2021 کے الیکشن میں ضلع باغ کے حلقہ وسطی سے عوام نے بھرپور مینڈیٹ کیساتھ اپنے حقوق کا محافظ بنا کر اسمبلی میں بھیجا، جہاں پر وہ سینئر وزیر کی حیثیت سے کابینہ کا حصہ بنے، بہت کم وقت گزرا تھا کہ تحریک انصاف پاکستان کے سربراہ عمران خان نے انہیں تحریک انصاف آزاد کشمیر کی صدارت سونپ کر ریاست جموں و کشمیر میں تحریک انصاف کو مستحکم کرنے کی ذمہ داری دی، سربراہ پی ٹی آئی عمران خان نے آزاد کشمیر اسمبلی میں پھر اپنی ہی پارٹی کے اندر سے انہیں قائد ایوان نامزد کر دیا اور پی ٹی آئی کی پارلیمانی پارٹی نے عمران خان کے فیصلے کو مانتے ہوئے انہیں بھاری اکثریت سے وزیراعظم آزاد کشمیر منتخب کر لیا، ریاست کے ایک غریب اور پریشان شخص کو اس ویژنری شخصیت کے حوالے سے اطمینان تھا کہ انکے مسائل کا حل تنویر الیاس ہی کر سکتے ہیں چونکہ مہنگائی، بے روزگاری اور غربت نے عوام کو اس قدر نچوڑ کر رکھا ہوا تھا کہ اب یوں کہہ دیجئے کہ وہ مایوس ہی ہو گئے تھے تنویر الیاس کی صورت میں انہیں ایک نئی امید کی کرن نظر آئی، سردار تنویر الیاس نے وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالا تو اس وقت پاکستان میں پی ڈی ایم کی حکومت تھی، پی ڈی ایم نے سب سے پہلے بجٹ پر کٹ لگا کر عملاً تنویر الیاس حکومت کو کمزور کر دیا پھر تیسری اور چوتھی سہ ماہی کی قسط آج تک جاری نہیں ہو سکی ہے، سردار تنویر الیاس نے بھی یہ ٹھان لیا کہ تحریک آزادی کشمیر، گڈ گورننس کا قیام، اداروں میں اصلاحات، ریاستی وسائل میں اضافہ، بے روزگاری کا خاتمہ، مہاجرین جموں و کشمیر کی آباد کاری، بلدیاتی الیکشن کا انعقاد، معلمین القرآن کے لیے 496 نئی آسامیوں کی تخلیق، زکوۃ فنڈ میں پہلی بار اصلاحات تین ہزار سالانہ کے بجائے 3 ہزار ماہانہ، جہیز فنڈ 15 سے بڑھا کر 75 ہزار، میرٹ بحالی، سفارش ورشوت کلچر کا خاتمہ، نوجوانوں کے لیے فنی تعلیم کے لیے اقدامات، آئی ٹی پارک، رحمۃ اللعالمین اتھارٹی کا قیام، مساجد مدارس کے بجلی بلات ریاست کی ذمہ داری سمیت ایسے انقلابی اقدامات کیے ہیں جنکی آج تک کوئی نظیر نہیں ملتی ہے۔ اور تا حال اصلاحات کا یہ عمل جاری ہے وزیراعظم آزاد کشمیر کی تعمیر و ترقی کے لیے دن رات ایک کیے ہوئے ہیں وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالے ابھی صرف 4 ماہ ہوئے ہیں اور 4 سال باقی ہیں وزارت عظمیٰ کا منصب سنبھالنے کے بعد 5 ستمبر کو وزیراعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس خان باغ تشریف لے آئے انکے ہمراہ کابینہ اراکین، پارٹی کے سیکرٹری جنرل راجہ منصور، سیکرٹریز حکومت بھی تھے، وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان کی آمد پر کوہالہ، بتمیاں، دھیرکوٹ، ارجہ، منگ بجری، ہاڑی گہل، نعمانپورہ اور باغ شہر میں انکا فقیدالمثال استقبال کیا گیا۔

باغ میں جلسہ سب سے بڑے سپورٹس گراؤنڈ میں کیا گیا۔ گراؤنڈ اور اسکے چاروں اطراف عوامی سمندر تھا اور عوام انکی جھلک دیکھنے کے لیے بے تاب تھے، وزیراعظم جب بھی کسی بھی ضلع کے دورے پر جاتے ہیں عوام کی خواہش یہی ہوتی ہے کہ اہم منصوبوں کا اعلان ہو، وزیراعظم سردار تنویر الیاس خان تحصیل باغ سے پہلے منتخب پہلے وزیراعظم ہیں، جلسہ عام کے موقع پر جو اعلانات کیے وہ اب سرکاری طور پر مشتہر بھی ہو چکے ہیں، وزیراعظم سردار تنویر الیاس نے آرمی کی رضامندی لے کر آزاد کشمیر میں پہلے ملٹری کیڈٹ کالج کے قیام کا اعلان کیا، باغ کے لیے ڈینٹل کالج کا اعلان بجٹ تقریر میں پہلے سے ہی کر چکے ہیں، وٹرنری کالج کے قیام کا بھی اعلان کیا گیا، بیر پانی اور ریڑہ میں سب ڈویژن جبکہ ملوٹ اور جنوبی باغ کے لیے نیابت کے قیام کا اعلان کیا، ہاڑی گہل میں سپورٹس سٹیڈیم کے قیام کا اعلان بھی کیا گیا، ترقیاتی ادارہ باغ اور ضلع زکوۃ باغ کے لیے اضافی فنڈز کی فراہمی کا بھی اعلان کیا گیا تو جوانوں کے لیے ایک ارب کے بلا سود قرضے فراہم کرنے کا اعلان خوش آئند اعلان بھی ہوا۔

جس سے چھوٹا کاروباری طبقہ استفادہ کر سکے گا باغ میں طلباء کے لیے مظفرآباد یونیورسٹی کیمپس کے قیام کے اعلان سے اب طلباء کو بھی تعلیم باغ شہر میں میسر ہو سکے گی وزیر حکومت سردار میر اکبر خان کی طرف سے وزیراعظم کے اعزاز میں انہوں نے اپنی رہائشگاہ پر عشائیہ دیا سید خادم حسین شہید کے مزار کے لیے 50 لاکھ کے اعلان کے ساتھ پولیس ملازمین کے لیے تاریخی خصوصی پیکج کا اعلان ہوا ہے جس میں 7 سال سے زائد سروس والا پولیس اہلکار اب کسی بھی پبلک ٹرانسپورٹ پر خصوصی پاس کے ذریعے مفت سفر کر سکے گا وزیراعظم سردار تنویر الیاس سے پریس کلب باغ کے وفد نے ملاقات کی، صحافیوں کے مسائل سے آگاہ کیا وزیراعظم نے پریس کلب کے وفد کو یقین دلایا کہ باغ میرا اپنا گھر ہے سب مسائل حل کرینگے۔ کئی مسائل کے حل کے لیے فوری احکامات جاری کیے گئے وزیراعظم آزاد کشمیر نے ریاست کی ترقی اور خوشحالی کے لیے اپنے اصلاحاتی ایجنڈے اور مستقبل میں ہونے والی اصلاحات سے بھی صحافیوں کو آگاہ کیا اور ان سے بھی تجاویز لیں تعلیم، صحت، مواصلات، روزگار فراہمی، ٹورازم فروغ، آئی ٹی پارکس کا قیام، گڈ گورننس سمیت دیگر اہم اقدامات اصلاحاتی ایجنڈے میں شامل ہیں وزیراعظم نے جتنا بڑا پیکج باغ کے لیے دیا ہے اس پر باغ میں ہر طرف جشن کا سماں ہے اور اظہار تشکر کیا جا رہا ہے وسطی باغ کے عوام کا ماننا ہے کہ انہوں نے 25 جولائی کو جو فیصلہ کیا تھا انہیں اس پر فخر ہے اور دیگر سیاسی، سماجی نمائندے بھی وزیر اعظم کے اقدامات کو سراہتے ہوئے نظر آتے ہیں۔

الخدمت فاؤنڈیشن کی ناقابل فراموش خدمات

صباء زراعت

خدمت خلق ایک بے لوث جذبہ ہے جو ہر کسی کے اندر موجود نہیں ہوتا۔ بہت کم لوگوں کو پروردگار انسانیت کی خدمت کے لیے چنتا ہے۔ پاکستان میں ایسا ہی ایک ادارہ الخدمت فاؤنڈیشن کے نام سے کئی سالوں سے کام کر رہا ہے۔ اسوقت ملک جس سنگین صورت حال سے دو چار ہے اور ہمارے ہم وطن سیلاب جیسی ناگہانی آفت میں مبتلا ہیں تو ایسے مشکل وقت میں جس طرح الخدمت فاؤنڈیشن کے سربراہان کے ساتھ ساتھ میل اور وومن ونگ کے رضا کار اپنی خدمات سرانجام دے رہے ہیں وہ قابل تعریف ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن کے تمام ممبرز صلے سے بے نیاز ہو کر انسانیت کی خدمت پر کمر بستہ ہیں۔ یہ فاؤنڈیشن نہ صرف پاکستان میں بلکہ پاکستان سے باہر بھی خدمات کے لیے سرگرم ہے۔ اس وقت یہ ادارہ سیلاب زدگان کی مدد کے لیے سرگرم عمل ہے اور اس کے تمام ممبران اپنی مدد آپ کے تحت اپنے ہم وطنوں کے لیے خدمات انجام دے رہے ہیں اور امدادی سامان بروقت متاثرین تک پہنچانے میں اپنا فرض ادا کر رہے ہیں۔ مشکل میں مبتلا انسان کی مدد کرنا بطور انسان ہمارا اولین فریضہ ہے۔ کل کو ہم نے خدا کو منہ دکھانا ہے ہم کو جوابدہ ہونا ہے کہ خدا کی مخلوق مشکل میں مبتلا تھی اور ہم نے استطاعت کے باوجود ان کی مدد کے لیے قدم نہیں بڑھایا۔ اس مشکل وقت میں ہمارے وطن کو ہماری ضرورت ہے اس لیے اپنی استطاعت کے مطابق متاثرین کی مدد کریں اور اس کڑے وقت میں ان اداروں کے شانہ بشانہ کھڑے ہوں جو اس وقت متاثرین کے لیے کام کر رہے ہیں۔ الخدمت فاؤنڈیشن ان میں سے ایک ہے جو اس وقت متاثرین کے مدد کے لیے سر بستہ ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن وومن ونگ کا مختصر تعارف پیش کر رہی ہوں۔ الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ بلاتفریق رنگ و نسل اور مذہب بے سہارا اور دکھی انسانیت کی خدمت میں مصروف عمل ہے۔ یہ ادارہ 1990 سے بطور NGO کام کر رہا ہے۔ سال 2013 میں ویمن ونگ کا قیام عمل میں لایا گیا۔ اس کا مرکز کراچی تھا جو 2016 میں لاہور منتقل کیا گیا۔ فاؤنڈیشن کو پاکستان میں خدمت خلق کی نمایاں تنظیم ہونے کا اعزاز حاصل ہے۔ ملک بھر میں پھیلے ہزاروں رضا کار نیک نیتی سے ضرورت مند لوگوں کی خدمت میں مصروف ہیں۔ الخدمت ملک بھر میں بسنے والے کروڑوں غربا اور بے سہارا افراد کے لیے وسیلہ نجات ہے۔ پاکستان میں تقریباً 42 لاکھ یتیم بچے ہیں۔ جن میں بڑی تعداد کو تعلیم سمیت دیگر بنیادی ضروریات میسر نہیں۔ الخدمت کفالت یتامیٰ پروگرام کے تحت گھروں میں یتیم بچوں کی کفالت کا اہتمام کر رہی ہے اس کے لیے الخدمت نے آغوش کے نام سے اقامتی ادارے قائم کیے ہیں جس میں بچوں کو تعلیم، خوراک، اور صحت سمیت دیگر بنیادی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ الخدمت یتیم بچہ کو باہمت بچہ اور بیوہ کو باہمت ماں کہتی ہے۔ احساس محرومی سے بچانے کے لیے الخدمت 19000 بچوں کی کفالت کا فریضہ ادا کر رہی ہے۔ "قدم بڑھائیے ایک روشن مستقبل کی طرف" کے سلوگن کے تحت الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ نے عہد کیا کہ فیملی سپورٹ پروگرام کے تحت پسماندہ خاندانوں کو مستحکم خاندان بنایا جائے۔ تاکہ چادر اور چار دیواری کے تحفظ سے محروم عورت اور باپ کے سایہ سے محروم بچے اپنے قدموں پر کھڑے ہو سکیں۔ کیونکہ الخدمت یقین رکھتی ہے کہ مضبوط عورت...... مستحکم خاندان...... مستحکم معاشرہ...... مستحکم قوم۔ ان پسماندہ خاندانوں کی دلجوئی، غم بانٹنا۔ اپنے قدموں پر کھڑا کرنے کے لیے روزگار کی فراہمی، اشد ضرورت میں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی اس کے منشور ہیں۔ ملک بھر کے 77 مختلف شہروں میں الخدمت کمیونٹی سنٹرز کا مقصد پسماندہ طبقہ کی خواتین اور بچوں کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لیے عملی اقدامات کرنا ہے۔ جذبہ خود انحصاری پیدا کرنے کے لیے مستحق خواتین کو ہنر سکھانا، خواتین اور بچوں کی شرح خواندگی میں اضافہ کرنا اور خوشحال پاکستان کے قیام کے لیے ہمواری کا حصول ہے۔ الخدمت کمیونٹی سنٹر میں تعلیم، فراہمی روزگار، صحت عامہ، ماہانہ راشن اور وظائف، موسم سرما میں ونٹر پیکج، عید اور رمضان کے موقع پر فوڈ پیکج، آسان نکاح پروجیکٹ اور بیداری پروگرام کے تحت امدادی سرگرمیاں انجام دی جا رہی ہیں۔ جن کا مقصد دکھی انسانیت کی خدمت ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ مستحقین کی بیٹیوں کو رشتہ ازدواج میں منسلک کرنے اور مسنون آسان نکاح کے اصول کی ترویج کے لیے بنیادی ضروریات زندگی پر مشتمل شادی بکس فراہم کرتی ہے۔ شادی بکس میں چار سوٹ زنانہ، دو سوٹ مردانہ، جائے نماز، قرآن مجید، جیولری سیٹ، ڈنر سیٹ، واٹر سیٹ اور دوسرے برتن شامل ہیں۔ سماجی خدمات کے تحت پورے ملک میں ماہانہ، وظائف، راشن پیکج، کلاتھ بنک کے تحت عروسی ملبوسات اور موسمی لباس، معذور افراد کو مفت وہیل چیئر کی فراہمی کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ الخدمت فاؤنڈیشن ویمن ونگ نے معاشرتی مسائل کا شکار خواتین کے لیے رہائشی ادارہ قائم کیا ہے۔ جس میں پرامن اور باعزت طریقے سے زندگی کی صلاحیتوں کو سنوارتے اور ان میں جذبہ خود انحصاری بیدار کرنے کے لیے تربیتی کورسز کروائے جاتے ہیں۔ شیلٹر ہوم میں رہائشی افراد کے لیے قواعد و ضوابط کی پابندی لازمی شرط ہوتی ہے۔ ملک میں جہاں پانی کی قلت ہو وہاں کنویں بنوانے، ہینڈ پمپ لگوانے اور واٹر سپلائی کے ذریعے فراہمی آب کو یقینی بنانے کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔ یہ الخدمت فاؤنڈیشن کا منشور ہے۔ لیکن اس وقت سیلاب کی صورتحال سے نمٹنے کے لیے الخدمت فاؤنڈیشن کو آپ کے تعاون کی اشد ضرورت ہے۔ اپنے عطیات الخدمت کو دیں تاکہ مشکل کی اس ساعت میں ہم اپنے پاکستانیوں کی مدد کر کے اس کار خیر میں اپنا حصہ ڈالیں جو ہم سب کا بنیادی فرض ہے۔ الخدمت کے تمام رضا کاروں اور سربراہان کو آپ کے تعاون کی ضرورت ہے۔

تلاش گمشدہ

میری گاڑی 3OD سیلون رجسٹریشن نمبر KW177 اسلام آباد ماڈل 2006، چیسس نمبر CE1200032010 کا سمارٹ کارڈ لائسنس نمبر ATM Cards، شناختی کارڈ 82203-3026933-1 صحت کارڈ جو کہ پرس میں موجود تھے دوران سفر راولاکوٹ شہر میں گر کر گم ہو گئے ہیں جس صاحب کو ملے درج پتہ پر ارسال کریں۔ نیئر ایوب خان ولد سردار محمد ایوب خان ڈاکخانہ راولاکوٹ پوچھی بالا تحصیل راولاکوٹ ضلع پونچھ آزاد کشمیر
0334-5521087

تمام مضامین نیک نیتی سے شائع کیے جاتے ہیں، کالم نگاروں کی آراء سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں......(ادارہ)

بقیہ 1

شرکت کریں ہے جو کہ حلقہ پارٹی کے حوالے اور 12 ستمبر کنونشن کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی جا سکے۔ اس اجلاس میں صدر حلقہ ڈاکٹر محمد شیراز خان ممبر CEC سردار ابرار حسین حقانی ممبر CEC سردار خان سجاد خان صدر یونین کونسل تائیں ذوالفقار شاہ صدر یونین کونسل ہورنہ میرہ سردار کامران عارف صدر یونین کونسل رحاڑہ حرہ و جنرل سیکرٹری فیاض سابق مرکزی پی وائی او سردار طاہر محمود سابق صدر حلقہ سردار ساجد رزاق خان سوشل میڈیا آصف قریشی سردار عتیق خان و دیگر نے شرکت کی ہے۔

بقیہ 2

بوائز ہائی سکول میرال گلہ نے میرپور بورڈ میں تیسری پوزیشن اور پونچھ بھر میں [illegible] پوزیشن حاصل کی جس پر اہل علاقہ سول سوسائٹی یادگار جنگی ہیڈکوارٹر کمیٹی نے انہیں مبارکباد دی۔ گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میرال گلہ ایک بہترین درسگاہ ہے جو ہر سال بہترین نتائج دیتی ہے یہاں معلمین انتہائی محنتی اور دیانتدار ہیں۔ جنہوں نے تعلیمی میدان میں بہترین خدمات سرانجام دیں۔ ان خیالات کا اظہار سردار جنت حسین سردار رشید خان والیان میرال گلہ نے اپنے ایک بیان میں کیا۔

بقیہ 3

کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے برعکس اس مدت میں پاکستان میں ہتھیاروں کی خرید میں ایک تہائی کی کمی واقع ہوئی ہے۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق دفاعی ماہرین کا کہنا ہے کہ انڈیا نے گزشتہ دس برس میں سو ارب ڈالر سے زیادہ کے ہتھیاروں اور دفاعی نظام کی خرید پر صرف کیے۔ انڈیا گزشتہ دس برس سے جنگی ہتھیار خریدنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پچھلے دس برس کے دوران انڈیا کے ہتھیاروں کی خرید میں چوبیس فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اس کے برعکس اس مدت میں پاکستان میں ہتھیاروں کی خرید میں ایک تہائی کی کمی واقع ہوئی ہے۔ ان حقائق کا انکشاف سویڈن کے ایک سرکردہ تحقیقی ادارے نے اپنی ایک رپورٹ میں کیا ہے۔ سٹاک ہوم انٹرنیشنل پیس ریسرچ انسٹی ٹیوٹ نے پوری دنیا میں ہتھیاروں کی برآمدات کے اس جائزے میں کہا ہے کہ اسلحے کی خریداری میں مشرق وسطی کے ممالک اور ایشیا سب سے آگے ہیں اور اس میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکہ، روس، فرانس، جرمنی اور چین ہتھیار برآمد کرنے والے سب سے بڑے ممالک ہیں۔ انسٹی ٹیوٹ کے سینئر محقق سیمون ٹی ویزے مین نے بتایا کہ اس رپورٹ میں بڑے جنگی ہتھیاروں کی خرید اور برآمدات کی بنیاد پر ملکوں کا جائزہ لیا گیا ہے۔ لیکن اس میں ان ہتھیاروں کی خرید پر آنے والے اخراجات کو سامنے نہیں رکھا گیا ہے۔ سیمون نے بتایا کہ 2013-17 کے دوران انڈیا بڑے ہتھیار خریدنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک رہا۔ پوری دنیا میں جتنے ہتھیار بکے اس کا بارہ فیصد اکیلے انڈیا نے خریدا۔ 2008 سے 2017 تک دس برس میں انڈیا کے ہتھیاروں کی خرید میں چوبیس فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ روس انڈیا کو سب سے بڑا سپلائیر ہے۔ لیکن پچھلے دس برس میں امریکہ سے ہتھیاروں کی خریداری میں 557 فیصد کا اضافہ ہوا۔ اسرائیل انڈیا کا تیسرا سب سے بڑا دفاعی سپلائیر ہے۔

بقیہ 4

دفاع کیا ہے۔ وہ حلقہ بلوچ نیریاں کی سٹوڈنٹ ہیں۔ خدیجہ خانم ابتداء سے ہی محنتی طالبہ رہی ہیں جنہوں نے تمام کلاسز میں ہمیشہ نمایاں کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ خدیجہ خانم نے کہا ہے کہ انسان محنت اور لگن سے کام کرے تو اللہ تعالیٰ خصوصی مدد کرتا ہے۔ میرے اساتذہ کا ہمیشہ مجھ پر اعتماد رہا ہے اور انہوں نے مناسب رہنمائی بھی جاری رکھی، میں اپنے والدین کی دعاؤں سے اس کامیابی تک پہنچی ہوں۔ اور اللہ سے دعا ہے کہ وہ میری ہمیشہ مدد کرے۔ مختلف مکاتب فکر کے لوگوں نے خدیجہ خانم کو مبارکباد دی ہے۔

بقیہ 5

حاضر رہنے والے ڈاکٹرز کیخلاف سخت کاروائی کی یقین دہانی کرائی۔ اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چوہدری ساجد اسلم، ایس پی محمد ریاض مغل اور دیگر انتظامی آفیسران بھی موجود تھے۔ وزیر صحت ڈاکٹر نثار انصر ابدالی نے شرکاء دھرنا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آپ لوگوں کا مطالبہ درست ہے کہ سہ پانی میں آر ایچ سی ہونا چاہیے۔ سہ پانی آر ایچ سی کو مزید بہتر بنانے کی ضرورت ہے اس پر کام کر رہے ہیں ڈی ایچ او کو بھی اس حوالے سے ہدایات جاری کر دی ہیں اس سلسلہ میں ڈائریکٹر جنرل صحت عامہ سے بھی بات کروں گا صحت کی بنیادی سہولیات فراہم کرنا حکومت آزاد کشمیر کی ذمہ داری ہے اس سلسلہ میں کسی قسم کی کوئی کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی۔ ڈاکٹرز آر ایچ سی میں اپنی حاضری یقینی بنائیں غیر حاضر رہنے والے ڈاکٹرز کیخلاف سخت کاروائی عمل میں لائی جائیگی۔ ایک ہفتہ کے اندر اندر اس ہسپتال کو مکمل طور پر فنکشنل کیا جائے اگرچہ یہاں ایک بڑے ہسپتال کی ضرورت ہے اس ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے آئندہ والے ڈی پی میں اس ہسپتال کو رکھنے کا وعدہ کرتا ہوں مذاکراتی ٹیم سے کیے گئے وعدے پورے کرونگا۔ محکمہ صحت آزاد کشمیر میں ستر فیصد سپورٹنگ سٹاف ہے جبکہ تیس فیصد ٹیکنیکل سٹاف ہے مزید ٹیکنیکل سٹاف کے لیے تحریک کی جائے گی۔ محکمہ صحت کے ملازمین پوری ذمہ داری سے کام کریں میرپور میں میڈیکل کالج ہے جس کی وجہ سے وہاں پانچ سو بیڈ کا ہسپتال ہونا ضروری ہے ماضی میں [illegible] صحت عامہ کی وزارت نہ ملنا بھی ہمارے ہاں محکمہ صحت میں کچھ کی کوتاہیوں کی بنیادی وجہ ہے۔

بقیہ 6

[illegible] منعقدہ ہوا۔ اجلاس میں مہمان نے تحریک انصاف آزاد کشمیر کے سینئر رہنما سابق امیدوار قانون ساز اسمبلی سردار خطاب اعظم کا عوام علاقہ اور جنگی ہیڈکوارٹر جبوتہ میرال گلہ کمیٹی کی طرف سے یادگار کے ساتھ کمیونٹی ہال دینے پر بہت شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ہر سال یادگار جنگی ہیڈکوارٹر میں تقریب منعقد کی جاتی ہے۔ موسمی حالات کے پیش نظر یہاں پر کمیونٹی ہال کی اشد ضرورت تھی جہاں پر بہتر طریقے سے پروگرامات منعقد کرنے میں آسانی ہو۔ انہوں نے کہا کہ ہم سردار خطاب اعظم کے بے حد مشکور ہیں جنہوں نے کیپٹن حسین خان شہید کی قربانیوں کے پیش نظر اپنے خدمات پیش کیں جو قابل ستائش ہے۔ اجلاس سے صدر کمیٹی سردار افتخار ایڈووکیٹ، رشید خان، جنت حسین، ممتاز حسین، الطاف حسین، سلیم خان، رزاق خان، منظر محمد صوبیدار عارف، سردار انور، حاجی انور، منظور حسین، ماہر حسین اور دیگر نے بھی خطاب کیا۔

بقیہ 7

ہوئے اس عزم کا اظہار کرتے ہیں کہ سید علی گیلانی کا مشن تکمیل تک جاری رہے گا۔ ان خیالات کا اظہار صدر ریاست بیرسٹر سلطان محمود چوہدری، سردار عتیق احمد خان، سردار عبدالقیوم نیازی، عبدالرشید ترابی، راجہ فیصل راٹھور، مولانا سعید یوسف، چیئرمین المحافظ فاؤنڈیشن سید شمیر بخاری، شاہ غلام قادر، مشال ملک، غزالہ حبیب، اور دیگر نے سید علی گیلانی کی پہلی برسی کی تقریب سے خطاب کیا مقررین نے کہا کہ علی گیلانی تحریک آزادی کشمیر کے سرخیل تھے وہ تین مرتبہ مقبوضہ کشمیر اسمبلی کے رکن رہے، مگر انہوں نے روایتی سیاست کو چھوڑ کر حریت کانفرنس کے پلیٹ فارم سے بھارتی تسلط سے آزادی کے لیے جدوجہد شروع کی اس جدوجہد کے دوران انہیں بے پناہ تشدد اور ظلم و بربریت کا سامنا کرنا پڑا اور زندگی کا بیشتر حصہ قید و بند اور نظر بندی میں گزارا آزاد کشمیر کی سیاسی قیادت اور ریاستی عوام سید علی گیلانی کی بے مثال جدوجہد کا انہیں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں۔

بقیہ 8

کا انعقاد کیا گیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی کمشنر سید فدا حسین کاظمی جہلم ویلی تھے۔ تقریب میں پاک آرمی کے آفیسرز کرنل آصف، کرنل احسان، پرنسپل HNKSAPSC سعید الدین گیلانی، چیئرمین انجمن تاجران گڑھی دوپٹہ محمد نذیر عباسی، سیاسی و سماجی رہنما کیپٹن (ر) محمد افضل اعوان معززین علاقہ، HNKSAPSC کے اساتذہ اور طلباء و طالبات نے شرکت کی۔ تقریب میں HNKSAPSC کے طلباء و طالبات نے اس دن کی مناسبت سے مختلف قسم کی پروقار پروگرام میں اپنے ٹیلنٹ کے ذریعے ملکی دفاع کی خاطر شہادت کے رتبے پر فائز ہونے والے پاک آرمی اور دیگر فورسز کے آفیسرز اور جوانوں کو خراج عقیدت پیش کیا۔ دوران تقریب ڈپٹی کمشنر نے پرنسپل HNKSAPSC کی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا اور طلباء و طالبات کی بہترین غیر نصابی سرگرمیوں کو سراہا۔ انہوں نے مزید بات کرتے ہوئے کہا کہ پاک آرمی کے آفیسران اور جوان ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں اور ہمیں اپنی فوج پر فخر ہے۔

بقیہ 9

تعزیت کی۔ وزیراعظم نے [illegible] حسین مرحوم کے بیٹوں انوار الحق ایڈووکیٹ، پروفیسر یاسر چغتائی، محمد احتشام الحق، محمد انعام الحق، اور مرحوم کے کزن سردار منظور چغتائی سے تعزیت کی اور مرحوم کی مغفرت اور بلندی درجات کے لیے فاتحہ خوانی اور دعا کی۔ وزیراعظم نے اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مرحوم میرے اور میرے والد کے استاد گرامی تھے۔ مرحوم نے تعلیمی میدان میں بے پناہ خدمات سرانجام دیں۔ مرحوم کے شاگردوں میں سے لوگ بڑے بڑے عہدوں پر فائز ہیں۔

بقیہ 10

ڈاکٹر طارق کی ترقیابی کے بعد گزشتہ کئی ماہ سے یہ آسامی خالی تھی وزیر اعظم آزاد کشمیر سردار تنویر الیاس کے حالیہ دورہ باغ کے دوران باغ کے گرلز و بوائز پوسٹ گریجویٹ کالجز میں پرنسپلز کی تعیناتی کے ساتھ گورنمنٹ کالج آف ایجوکیشن باغ میں بھی پرنسپل کا تقرر کر دیا گیا ہے جو خوش آئند اقدام ہے عوامی سیاسی سماجی اور علم دوست حلقوں نے پروفیسر افتخار اکبر کو پرنسپل کالج آف ایجوکیشن تعینات ہونے پر مبارکباد پیش کی ہے۔

بقیہ 11

نے 6 ستمبر یوم دفاع پاکستان کے حوالے سے تقاریر ملی نغمے اور رنگا رنگ پروگرام پیش کیے اس تقریب کے مہمان خصوصی ڈپٹی ڈی ای او نسواں نصیر احمد سلہریا، محترمہ زینب الحق چوہدری تھے جبکہ تقریب میں طالبات کے والدین اور عوام علاقہ نے بھی بہت بڑی تعداد میں شرکت کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مہمان خصوصی نصیر احمد سلہریا نے کہا کہ طالبات نے 6 ستمبر کے واقعات کو جس طرح عیاں کیا اس کی جتنی بھی تعریف کی جائے کم ہے 6 ستمبر 1965 کو بھارت کے عزائم خاک میں ملانے کے لیے افواج پاکستان اور پاکستان کی عوام کے جذبات کا عکاس تھا وہ جذبہ ہی تھا جس نے بھارت کی فضائیہ، پیدل افواج، اور بحری افواج کو ناکوں چنے چبوائے اور جی ٹی روڈ پر لاشیں ہی لاشیں بکھری پڑی تھیں [illegible] افواج پاکستان کو شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے ہیں اور پاکستان کی عوام کے جذبات کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے جرات اور بہادری کی تاریخ رقم کی میجر عزیز بھٹی شہید اور تمام شہداء کی قربانیاں ہمارے لیے مشعل راہ ہیں۔

بقیہ 12

خلاف اس کے مرتد ہونے کا پہلا فتویٰ برصغیر میں امام اہلسنت شاہ احمد رضا خان فاضل بریلوی نے دیا۔ سیدنا پیر مہر علی شاہ گولڑہ شریف۔ پیر سید جماعت علی شاہ محدث علی پور شریف نے عملی میدان میں قادیانی دجال کو شکست فاش سے دوچار کیا ان خیالات کا اظہار انہوں نے باغ مقامی ہوٹل۔ میں جمعیت علماء جموں و کشمیر و جماعت اہلسنت باغ کے زیر اہتمام منعقدہ ختم نبوت سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کرتے ہوئے کیا جسکی صدارت جمعیت علماء جموں و کشمیر کے مرکزی سیکرٹری اطلاعات ملک شوکت عارف قادری نے کی سیمینار سے مولانا مظفر حیات ہارونی پیر سید منتظر گیلانی پیر سید اظفر اقبال گیلانی سمیت دیگر نے بھی خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 1953 کی تحریک میں علامہ ابو الحسنات قادری اور مجاہد ملت مولانا عبدالستار خان نیازی۔ علامہ سید خلیل احمد قادری نے تاریخ ساز جدوجہد کی۔ میجر محمد ایوب شہید۔ پیر محمد عتیق الرحمن نے آزاد کشمیر قانون ساز اسمبلی میں قرارداد پاس کروائی۔ جمعیت علماء جموں و کشمیر اپنے اسلاف کے مشن کو آگے بڑھاتے ہوئے عملی طور پر میدان عمل میں موجود ہے مولانا امتیاز احمد صدیقی نے کہا کہ موجودہ حکومت آزاد کشمیر نے صدر۔ وزیراعظم۔

بقیہ 13

، پنجاری اور ملحقہ علاقوں کے عوام نے لاکھوں روپے نقدی کے علاوہ سینکڑوں بیگ کپڑے، بستر اور دیگر روزمرہ ضرورت کا سامان سیلاب زدگان کے لیے دیا پنجاری میں ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا کے صدر اعجاز احمد میر، سول سوسائٹی جہلم ویلی کے صدر راجہ عبدالحفیظ خان، رحم فاؤنڈیشن کے صدر حماد خورشید تولیہ اور ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا کے نائب صدر محمد زاہد اعوان، ممبر پریس کلب محمد لقمان چوہان جبکہ ہٹیاں بالا میں سابق صدر ور پریس کلب محمد عارف کشمیری، سید عمر کاظمی، محمد اسلم مرزا اور سیکرٹری جنرل مبارک حسین اعوان امدادی سامان اور رقوم جمع کرتے رہے دو ہفتوں کے دوران امدادی سامان کے سینکڑوں بیگ سیلاب زدگان تک پہنچانے کے لیے پاک فوج کے حوالے کیے گئے جبکہ عوام کی طرف سے دی گئی لاکھوں روپے کی امدادی رقوم بدھ کے روز الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اور البرہان ٹرسٹ انٹرنیشنل پاکستان کے بنک اکاؤنٹس میں منتقل کر دی گئی ہے۔

بقیہ 14

سے مدارس کا سروے کرانے کے فیصلے پر تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا گیا کہ یوپی حکومت یہ فیصلہ مدارس کے تعلیمی نظام کو بدنام کرنے کی ایک کوشش ہے۔ اجلاس میں کہا گیا کہ اسلامی مدارس کا ہر قیمت پر دفاع کیا جائے گا۔ جمعیت علمائے ہند کے سربراہ مولانا سید ارشد مدنی نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دینی مدارس، فرقہ پرستوں نے ہمیشہ مدارس کے خلاف نفرت کا اظہار کیا ہے اور لہٰذا ہمیں ان کے مذموم عزائم کا سمجھنا چاہیے۔ انھوں نے کہا کہ ہمیں اسلامی مدارس کی بقاء و تحفظ کے لیے کمربستہ ہونا ہوگا، ہم نے ہمیشہ کوشش کی ہے کہ امن و امان کے ساتھ ہمارے دینی اداروں کو چلنے دیا جائے لیکن فرقہ پرست ہمارے وجود کو ختم کرنے کے در پے ہیں۔

بقیہ 15

رکھتے ہوئے اونتی پورہ، شوپیاں، پلوامہ، اسلام آباد اور بارہمولہ کے مختلف علاقوں میں تلاشی کی کارروائیاں کیں اور بے گناہ کشمیریوں کے گھروں پر چھاپے مارے۔ مقامی لوگوں نے صحافیوں کو فون پر بتایا کہ تحقیقاتی ایجنسی ایس آئی اے اور بھارتی فورسز کے اہلکار کارروائیوں کے دوران من گھڑت الزامات پر بے گناہ نوجوانوں کو نشانہ بنا رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چھاپہ مار کارروائیوں کے دوران ایس آئی اے اہلکاروں نے مکینوں کو ہراساں کرنے کے علاوہ موبائل فون، اہم دستاویزات اور دیگر سامان ضبط کر لیا۔

بقیہ 16

خیال کیا گیا تھا۔ [illegible] نے ایک ٹویٹ میں کہا کہ اطلاعات کے مطابق پیر کو بارہمولہ میں منعقد ہونے والے اجلاس میں غیر کشمیری مزدوروں، بھارتی انڈسٹریل فورس اور فوج کے اہلکاروں کے ووٹوں کے اندراج کیلئے زبانی احکامات دیئے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ قابض انتظامیہ کو اس سلسلے میں وضاحت کرنی چاہیے۔ مقبوضہ کشمیر میں انتخابی فہرستوں کی نظرثانی پر لوگوں میں سخت تشویش اور غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ گزشتہ ماہ چیف الیکٹورل آفیسر نے اعلان کیا تھا کہ مقبوضہ علاقے میں مقیم ہر بھارتی شہری دفعہ 370 کی منسوخی کے بعد اپنا ووٹ ڈال سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتخابی فہرستوں پر نظرثانی کے دوران غیر کشمیری 25 لاکھ نئے ووٹرز کے اندراج کا خدشہ ہے۔ بی جے پی کے سوا تقریباً تمام سیاسی جماعتوں نے اس مجوزہ اقدام پر کڑی تنقید کی ہے۔

بقیہ 17

ہے حکومت انتظامیہ [illegible] ہیں حکومت اور انتظامیہ نے پروفیسر جمیل شیدائی کو تبدیل کرنے کا جو وعدہ کیا تھا وہ ابھی تک پورا نہیں ہوا جس کے باعث طلباء اور نوجوانوں کے دل برداشتہ ہو چکے ہیں چنانچہ طلباء اور نوجوانوں نے متفقہ فیصلہ کیا ہے کہ آج 8 ستمبر سے احتجاجی کیمپ اور دھرنا کا قیام عمل میں لائیں گے انتہائی پرامن ماحول میں اپنا احتجاج جاری رکھیں گے۔ 13 ستمبر تک اگر ہمارا مطالبہ پورا نہیں کیا جاتا تو 13 ستمبر کو پرتشدد احتجاجی تحریک چلاتے ہوئے شاہراہ سرینگر کو جام کر دیں گے۔ ان خیالات کا اظہار طلباء و نوجوان جہلم ویلی کے رہنماؤں راجہ ثوبان ظفر، ادریس خان، محسن فیاض عباسی ایڈووکیٹ، سید شفاعت کاظمی، راجہ زین، عدنان اعظم، مومن شیخ، سعید حسن، عشیر نسیم، اور دیگر نے مشترکہ پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔

بقیہ 18

کو آباد کرنے مقبوضہ علاقے کی مسلم اکثریتی شناخت کو تبدیل کرنے کی سازش کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی آئین کی دفعہ 370 کی منسوخی کا مقصد بھارت سے آنے والے غیر کشمیری ہندوؤں کے جموں و کشمیر میں مستقل طور پر آباد ہونے کی راہ ہموار کرنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکام لاکھوں ہندوستانیوں اور بھارتی فورسز کے اہلکاروں کو مقبوضہ کشمیر کی شہریت دے رہے ہیں۔ حریت ترجمان نے واضح کیا کہ بھارت ایک منظم طریقے سے مقبوضہ کشمیر میں اسرائیلی طرز پر آبادکاری کے اپنے نوآبادیاتی منصوبے پر عمل درآمد کر رہا ہے تاکہ جموں و کشمیر کی مسلم اکثریتی شناخت کو ختم کر کے خطے میں ہندوتہذیب کو قائم کیا جا سکے۔

بقیہ 19

ہندی دفعہ 370 میں درج ہے۔ جس کو غیر قانونی اور غیر آئینی طور پر ہٹا دیا گیا ہے۔ پروفیسر سوز نے ایک بیان میں غلام نبی آزاد سے الطاف بخاری سے اپیل کی ہے کہ وہ حقیقی مطالبات کو حاصل کرنے میں ان کی مدد کریں۔ انہوں نے کہا کہ جس کو وہ لوگوں کا مطالبہ سمجھتے ہیں، یہ حقیقی عوامی مطالبہ نہیں ہے۔ پروفیسر سوز نے کہا کہ ریاستی حیثیت کی بحالی ہمارا مطالبہ نہیں ہو سکتا۔ یہ بھارتی حکومت کی حماقت تھی جس نے جموں کشمیر کو مرکز کے زیر انتظام علاقہ بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم مودی اور وزیر داخلہ امیت شاہ کی اس اقدام پر [illegible] ہوئی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ امیت شاہ نے 23 اکتوبر 2021 کو لوک سبھا میں کہا تھا کہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت جلد بحال کر دی جائے گی کیونکہ مناسب وقت کے لیے یونین ٹیریٹری کا درجہ دیا گیا تھا۔

بقیہ 20

اسلاف جو انڈین آرمی سے ریٹائرڈ تھے دوران جنگ شہید ہوئے زخمی ہوئے ان کے ورثا سے استدعا ہے کہ وہ اپنے ان اسلاف کا بائیو ڈیٹا - نام ولدیت گاؤں اور اگلے ڈسچارج سرٹیفکیٹ کی فوٹو کاپی تصویر میں سردار الیاس جنجوعہ، احسان الحق اور سردار محمد ایوب سرپرست اعلیٰ کیپٹن حسین خان شہید ٹرسٹ کے پاس پہنچائیں تاکہ عسکری انقلاب 1947 ستمبر

روزنامہ کشمیر دھرتی راولاکوٹ
شہر.....شہر.....قریہ.....قریہ.....کی خبریں

باغ:۔وزیراعظم آزاد جموں کشمیر سردار تنویر الیاس خان سے صحافیوں کا وفد ملاقات کر رہا ہے۔

باغ:۔ملوٹ کیپٹن وقاص خمیر شہید پر لکھی گئی کتاب کی تقریب رونمائی سے پروفیسر عبدالحق و دیگر مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ پانچ کی جانب سے کنونشن کے حوالہ مشاورت کیلئے اجلاس طلب

10 ستمبر راولاکوٹ میں حلقہ کے رہنماؤں، یونین کونسلوں کے صدور و جنرل سیکرٹریز سمیت کارکنوں کو دعوت

اس اجلاس میں حلقہ پانچ کے حوالے اور 12 ستمبر کنونشن کے حوالے سے تفصیلی مشاورت کی جائے گی، ابرار حقانی

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) پاکستان پیپلز پارٹی حلقہ پانچ کا مشاورتی اجلاس ڈاکٹر محمد شیراز خان کے آفس میں زیر صدارت ہوا ہے۔ جس میں 12 ستمبر کنونشن کے حوالے سے مشاورت کی گئی ہے۔ جس میں مرکزی ڈپٹی چیف آرگنائزر ایڈووکیٹ اعجاز صدیقی نے شرکت کی اور بریفنگ دی ہے۔ اجلاس میں فیصلہ کیا گیا ہے کہ 10 تاریخ بروز ہفتہ دن 11 بجے سرکٹ ہاؤس راولاکوٹ میں حلقہ پانچ کے رہنماؤں اور تمام یونین کونسلوں کے صدور و جنرل سیکرٹریز اور سینئر کارکنوں اور کارکنوں کو دعوت دی گئی ہے۔ کہ 10 تاریخ کو دن گیارہ بجے سرکٹ ہاؤس راولاکوٹ میں دعوت دی جاتی ہے کہ سب (بقیہ 01 صفحہ 03 پر)

انتخابی فہرستوں کے حوالہ سے سخت تشویش ہے، محبوبہ مفتی

غیر کشمیریوں، فوجیوں کے ووٹوں کے اندراج کیلئے احکامات قبول نہیں

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کی سابق وزیراعلیٰ و پیپلز ڈیموکریٹک پارٹی کی سربراہ محبوبہ مفتی نے کہا ہے کہ شمالی کشمیر کے ضلع بارہمولہ کی انتظامیہ نے غیر کشمیری مزدوروں اور بھارتی فورسز کے اہلکاروں کے بطور ووٹر اندراج کیلئے زبانی احکامات دیے ہیں۔ محبوبہ مفتی کا یہ بیان مقبوضہ کشمیر کے چیف الیکٹورل آفیسر ہردیش کمار کے زیر صدارت آل پارٹیز اجلاس کے ایک دن بعد سامنے آیا ہے جس میں غیر کشمیری مزدوروں اور بھارتی فورسز کے اہلکاروں کے ووٹوں کے اندراج پر تبادلہ (بقیہ 16 صفحہ 03 پر)

سرینگر، ایس آئی اے اور بھارتی فورسز کی چھاپہ مار کارروائیاں

مکینوں کو ہراساں کرنے کے علاوہ موبائل فون، اہم دستاویزات، دیگر سامان ضبط

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں بھارت کے زیر کنٹرول ریاستی تحقیقاتی ایجنسی (ایس آئی اے) نے بھارتی پولیس اور پیرا ملٹری فورس سینٹرل ریزرو پولیس فورس کے اہلکاروں کے ساتھ مل کر کئی علاقوں میں چھاپے مارے۔ مکینوں کو ہراساں کرنے کے علاوہ موبائل فون، اہم دستاویزات اور دیگر سامان ضبط کر لیا گیا، جنوبی کشمیر میں دو کشمیری نوجوانوں کی شہادت پر صورتحال کشیدہ رہی۔ کے پی آئی کے مطابق بھارتی فورسز اور نام نہاد تحقیقاتی ایجنسی نے ریاستی دہشتگردی کی کارروائیاں جاری (بقیہ 15 صفحہ 03 پر)

چناری (آج) 8 ستمبر بوائز انٹر کالج ہٹیاں بالا کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان

گیلانی کے سیمینار کے پوسٹر پھاڑے گئے اور سیمینار آرگنائزر پر کالج کے طلباء سے حملہ کروا کر پروگرام سبوتاژ کیا گیا

جہلم ویلی ہٹیاں بالا کے جملہ طلباء تنظیمیں اور نوجوانان صف آراء ہو چکے ہیں اور شدید نفرت پھیل چکی ہے، پریس کانفرنس

چناری (خصوصی رپورٹر) طلباء و نوجوانان جہلم ویلی ہٹیاں بالا نے آج 8 ستمبر سے بوائز انٹر کالج ہٹیاں بالا کے سامنے احتجاجی کیمپ لگانے کا اعلان کر دیا اور دھرنا بھی دیا جائے گا کیم ستمبر کو بوائز انٹر کالج ہٹیاں بالا کے پرنسپل پروفیسر جمیل شیدائی نے عظیم حریت لیڈر سید علی گیلانی کے سیمینار کے پوسٹر پھاڑے اور سیمینار آرگنائزر پر کالج کے طلباء سے حملہ کروایا اور سیمینار کا پروگرام سبوتاژ بنایا جس کے خلاف ضلع جہلم ویلی ہٹیاں بالا کے جملہ طلباء تنظیمیں اور نوجوانان صف آراء ہو چکے ہیں اور شدید نفرت پھیل چکی ہے پروفیسر جمیل شیدائی کی اس ناپاک حرکت پر محکمہ تعلیم ہائیر ایجوکیشن کی عزت اور وقار بھی مجروح ہو چکی (بقیہ 17 صفحہ 03 پر)

HATTIAN BALA

بھارت کے جنگی عزائم، ہتھیار خریدنے والا سب سے بڑا ملک

دس برسوں میں سو ارب ڈالر سے زائد رقم ہتھیاروں کی خرید پر صرف کئے گئے

نئی دہلی (کے پی آئی) بھارت نے گزشتہ دس برس میں سو ارب ڈالر سے زیادہ نئے ہتھیاروں اور دفاعی نظام کی خرید پر صرف کیے۔ انڈیا گزشتہ دس برس سے جنگی ہتھیار خریدنے والا دنیا کا سب سے بڑا ملک ہے۔ پچھلے دس برس کے دوران انڈیا کے ہتھیاروں کی خرید میں چوبیس فیصد (بقیہ 03 صفحہ 03 پر)

بلوچ، خدیجہ خانم پی ایچ ڈی کرنیوالی پہلی خاتون بن گئیں

شعبہ باٹنی میں اپنی تحقیق مکمل کر کے نمایاں کامیابی پر بھرپور خراج تحسین

بلوچ (نمائندہ خصوصی) حلقہ بلوچ تاڑ کنیاٹی کی ہونہار بیٹی کا اعزاز، خدیجہ خانم ضلع کی پہلی پی ایچ ڈی خاتون بن گئیں، محمد افسر خان مرحوم کی بہو اور عبدالشکور منیجر کشمیر بنک کی زوجہ نے شعبہ باٹنی پلانٹس سائنسز، کیمولا پلانٹ پر اپنی تحقیق مکمل کرتے ہوئے حال ہی میں کامیاب (بقیہ 04 صفحہ 03 پر)

آر ایچ سی ستہ پانی کو فوری طور پر فعال کرنے کا اعلان

مطالبات درست قرار، مذاکرات کامیاب، ہر ممکن سہولیات کی فراہمی کا عزم

کوٹلی ستہ پانی (پی آئی ڈی) وزیر صحت ڈاکٹر نثار انصر ابدالی اور ستہ پانی سول سوسائٹی وایکشن کمیٹی کے ساتھ مذاکرات کامیاب ہو گئے۔ وزیر صحت ڈاکٹر نثار انصر ابدالی نے آر ایچ سی ستہ پانی کو فوراً فعال کرنے اور اپ گریڈیشن کے لئے آئندہ اے ڈی پی میں شامل کرنے، غیر (بقیہ 05 صفحہ 03 پر)

جنگی ہیڈکوارٹر یادگار کمیٹی کے ممبران کے اجلاس کا انعقاد

پی ٹی آئی رہنما سردار خطاب اعظم کی جانب سے اقدامات کا بھی خیر مقدم

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) جنگی ہیڈکوارٹر یادگار کمیٹی صدر سردار افتخار ایڈووکیٹ، رشید خان، بشارت حسین، ممتاز حسین، الطاف حسین، سفیر خان، صدیق خان، منظور محمد صوبیدار عارف، سردار انور، حاجی انور، نذیر حسین، بابر حسین کا اجلاس زیر صدارت سردار (بقیہ 06 صفحہ 03 پر)

باغ، سید علی گیلانی کی قربانیوں پر بھرپور خراج عقیدت

عظیم حریت رہنما کی مشن کی تکمیل تک جدوجہد جاری رکھنے کے عزم کا اظہار

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) سید علی گیلانی تحریک آزادی کشمیر کے عظیم ہیرو تھے، بھارت کے ظلم جبر اور قید و بند کے باوجود علی گیلانی نے ہم پاکستانی ہیں پاکستان ہمارا ہے کا آفاقی نعرہ مستانہ بلند کیا ان کی پاکستان کے ساتھ لازوال محبت اور عقیدت کو بھارتی فسطائیت کم نہ کر سکی آر پار کے کشمیری سید علی گیلانی کی پہلی برسی کے موقع پر انہیں شاندار الفاظ میں خراج عقیدت پیش کرتے (بقیہ 07 صفحہ 03 پر)

گڑھی دوپٹہ، یوم دفاع پاکستان کی مناسبت سے تقریب

ملک کے حصول میں بزرگوں کی قربانیوں کو زبردست الفاظ میں خراج عقیدت

گڑھی دوپٹہ (پی آئی ڈی) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر ملکی دفاع کی خاطر اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے شہداء اور غازیوں کو خراج تحسین پیش کرنے کیلئے حق نواز کیانی (شہید) آرمی پبلک سکول اینڈ کالج (HNKSAPS&C) گڑھی دوپٹہ میں ایک پر وقار تقریب (بقیہ 08 صفحہ 03 پر)

بوائز ہائی سکول میرال گلہ کے شاندار
نتائج پر مبارکباد

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) گورنمنٹ بوائز ہائی سکول میرال گلہ کا میٹرک کے نتائج پر سو فیصد نتائج پر عوام علاقہ میرال گلہ کی جانب سے جملہ سٹاف کو مبارکباد۔ گورنمنٹ (بقیہ 02 صفحہ 03 پر)

پروفیسر افتخار اکبر کالج آف
ایجوکیشن باغ کے پرنسپل تعینات

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) پروفیسر سردار افتخار اکبر کو کالج آف ایجوکیشن باغ کا پرنسپل تعینات کر دیا گیا سابق پرنسپل پروفیسر (بقیہ 10 صفحہ 03 پر)

وزیراعظم آزاد کشمیر کا سردار باغ
حسین مرحوم کے انتقال پر افسوس

پانچھلہ (نامہ نگار) وزیراعظم آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر سردار تنویر الیاس خان ریٹائرڈ پرنسپل سردار باغ حسین مرحوم کے گھر گئے اور ان کی وفات پر مرحوم کے لواحقین سے (بقیہ 09 صفحہ 03 پر)

ہر قیمت پر مدارس کا دفاع کیا جائے گا، جمعیت علمائے ہند

اسلامی مدارس کی بقا و تحفظ کے لیے کمربستہ ہونا ہوگا، مولانا سید ارشد مدنی

نئی دہلی (کے پی آئی) جمعیت علمائے ہند نے کہا ہے کہ یوگی آدتیہ ناتھ کی حکومت کی جانب سے اتر پردیش میں مدارس کا سروے کرانے کے فیصلے سے اس کے مذموم عزائم ظاہر ہوتے ہیں۔ یوگی حکومت کی طرف سے ریاست میں تمام مدارس کا سروے کرانے کے فیصلے کے بعد جمعیت علمائے ہند کے تمام مدارس کے سربراہان کا اجلاس نئی دہلی میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں یوپی حکومت کی طرف (بقیہ 14 صفحہ 03 پر)

چناری سیلاب زدگان کیلئے لاکھوں روپے کی امداد سمیت دیگر ضروری اشیاء روانہ

سیلاب زدگان کے لیے جو امانت ہمارے حوالے کی اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے وہ امانت ہم نے مستحقین تک پہنچا دی

اللہ کار خیر میں حصہ لینے والے تمام افراد کی کاوش کو قبول فرماتے ہوئے اس کا دنیا اور آخرت میں اجر عظیم عطا فرمائے، اعجاز میر

چناری (خصوصی رپورٹر) ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا، سول سوسائٹی جہلم ویلی اور رحم فاؤنڈیشن کی جانب سیلاب زدگان کے لیے ہٹیاں بالا، چناری، گوجر بانڈی، میرا تکوٹ، چنسکول اور گرد و نواح کے علاقوں کے عوام سے جمع کی گئی لاکھوں روپے کی امدادی رقوم الخدمت فاؤنڈیشن پاکستان اور البرہان ٹرسٹ انٹرنیشنل پاکستان کے بنک اکاؤنٹس میں منتقل کر دی گئیں جبکہ امدادی سامان کے سینکڑوں بیگ مختلف مرحلوں میں پاک فوج کے سپرد کر دیے گئے۔ تفصیلات کے مطابق ڈسٹرکٹ پریس کلب ہٹیاں بالا، سول سوسائٹی اور رحم فاؤنڈیشن کو گذشتہ دو ہفتوں کے دوران ہٹیاں بالا (بقیہ 13 صفحہ 03 پر)

وزیر مال و کسٹوڈین چوہدری اخلاق کی ایک شادی میں شرکت کے موقع پر میزبانوں کے ساتھ تصویر۔

عقیدہ ختم نبوت ایمان کا حصہ ہے، امتیاز احمد صدیقی

انتہا پسندی معاشرہ کیلئے زہر قاتل، امن کی فضا کو فروغ دینا ناگزیر ہے

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) جمعیت علماء جموں و کشمیر کے صدر و چیئرمین علماء و مشائخ کونسل حکومت آزاد کشمیر علامہ امتیاز احمد صدیقی نے کہا ہے کہ عقیدہ ختم نبوت کا تحفظ ہماری زندگیوں کا مشن ہے ہمارے اکابرین و اسلاف نے سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ سے لے کر مولانا شاہ احمد نورانی۔ پیر محمد شفیق الرحمٰن تک اس عقیدے کے تحفظ کے لیے تاریخ ساز جدوجہد کی ہے۔ مرزا غلام قادیانی کذاب دجال کے (بقیہ 12 صفحہ 03 پر)

چناری، گرلز ہائی سکول میں نتائج، شاندار کامیابی پر تقریب

افواج پاکستان کی خدمات پر خراج تحسین، سٹاف کی محنت پر بھی مبارکباد

چناری (خصوصی رپورٹر) گورنمنٹ گرلز ہائی سکول ہٹیاں بالا ملک پورہ کی پرنسپل نصرت شاہین سٹاف ممبران اور طالبات نے یوم دفاع پاکستان کے سلسلہ اور سالانہ نتائج سیکنڈری و انٹرمیڈیٹ بورڈ میں شاندار نتائج حاصل کرنے کی پاداش میں پر وقار تقریب کا انعقاد کیا تقریب میں طالبات (بقیہ 11 صفحہ 03 پر)

کشمیریوں کا حقیقی مطالبہ داخلی
خود مختاری کی بحالی ہے، پروفیسر سوز

سرینگر (کے پی آئی) بھارت کے سابق وزیر اور کانگریس کے سینئر رہنما پروفیسر سیف الدین سوز نے کہا ہے کہ جموں و کشمیر کی ریاستی حیثیت کی بحالی حقیقی عوام مطالبہ نہیں بلکہ اصل مطالبہ ہماری داخلی خود مختاری کی بحالی ہے جو آئین (بقیہ 19 صفحہ 03 پر)

سیلاب زدگان کی مدد کیلئے کردار
لائق تحسین ہے، غلام جیلانی

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) نوجوان سیاسی و سماجی شخصیت سردار غلام جیلانی نے کہا کہ پاکستان میں سیلاب سے کروڑوں لوگ متاثر ہوئے ہیں سب سیاسی، مذہبی جماعتوں اور انسانی حقوق کی تنظیموں کا متاثرین کی بحالی کے لئے کردار قابل ستائش ہے آزاد کشمیر اور اوورسیز کشمیری بھی مبارکباد (بقیہ 21 صفحہ 03 پر)

جموں میں سکھ برادری کے رکن کی
موت کے خلاف مظاہرہ

جموں (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر کے ضلع ادھمپور میں سکھ برادری کے ایک رکن کرن سنگھ کوچ کی پراسرار موت کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ادھمپور کے علاقے اپر میر کے رہائشی کرن سنگھ کی لاش (بقیہ 22 صفحہ 03 پر)

سرینگر، جاوید میر نے مولانا عباس
انصاری کی خیریت دریافت کی

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں حریت رہنما جاوید احمد میر نے سرینگر کے علاقے نوا کدل میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما مولانا عباس انصاری (بقیہ 23 صفحہ 03 پر)

مودی حکومت مسلسل سازشیں کر رہی ہے، حریت کانفرنس

تمام کشمیری بھارتی سازشوں کو ہرگز کامیاب نہیں ہونے دیں گے، ترجمان

سرینگر (کے پی آئی) مقبوضہ جموں و کشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس نے افسوس ظاہر کیا ہے کہ مودی کی فسطائی بھارتی حکومت مقبوضہ علاقے کی آبادی کے تناسب کو بگاڑنے اور کشمیریوں کی جاری تحریک آزادی کو دبانے کیلئے مسلسل سازشیں کر رہی ہے۔ کل جماعتی حریت کانفرنس کے ترجمان نے سرینگر میں جاری ایک بیان میں کہا کہ مودی حکومت اسرائیلی طرز پر مقبوضہ کشمیر میں بھارتی شہریوں (بقیہ 18 صفحہ 03 پر)

میگزین "عسکری انقلاب 1947ء" کے اجراء کی تیاریاں

امسال کیپٹن حسین خان شہید کی برسی کے موقع پر میگزین کا اجراء ہوگا

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) امسال فاتح کشمیر کیپٹن حسین خان شہید کی برسی کے موقع پر میگزین کا اجراء کیا جا رہا ہے۔ جس کو حتمی شکل دے دی گئی ہے۔ یہ میگزین ہر سال برسی کے موقع پر شائع کیا جائے گا۔ سالانہ میگزین "عسکری انقلاب 1947ء" کے نام سے ہر سال برسی کے موقع پر شائع کیا جائے گا۔ 1947ء کے عسکری انقلاب کی پہلی اشاعت کے لیے پلندری، پونچھ اور باغ کے ایریاز سے فاتح کشمیر کی لبرل فورس میں شامل جنگ آزادی کشمیر کے لیے میدان میں حصہ لینے والے مجاہد (بقیہ 20 صفحہ 03 پر)



عسکری انقلاب
تاریخ کشمیر حقیقت کیا ہے
جنگ آزادی پر ایک نظر

باغ، یوم دفاع کے موقع پر جستجوئے شہادت کی تقریب رونمائی

وطن کی خاطر اپنی جان تک قربان کرنا ایک قومی اعزاز ہے، مقررین کا خطاب

باغ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) یوم دفاع پاکستان کے موقع پر پاک فوج کے آپریشن ردالفساد کے دوران جام شہادت نوش کرنے والے پاک فوج کے نڈر سپوت کیپٹن وقاص خمیر راجہ شہید کے حالات زندگی پر شہید کی والدہ فہمیدہ یاسمین کی تصنیف "جستجوئے شہادت" کی تقریب رونمائی گزشتہ روز ملوٹ کے مقام پر ہوئی تقریب کی صدارت گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج ملوٹ کے پرنسپل سردار اعجاز (بقیہ 24 صفحہ 03 پر)

چناری:۔گرلز ہائی سکول ملک پورہ میں منعقدہ تقریب سے مقررین خطاب کر رہے ہیں۔

For Daily Kashmir Dharti News Update
Follow u On
Kashmir Dharti Digital
Dailydharti/facebook
Dailydharti/group
Dailydharti / twitter
Dailydharti / Instagram
Dailydharti / zoom
HD NEWS

کیپٹن حسین خان شہید گورنمنٹ
پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ

داخلے جاری ہیں

آئی سی ایس
آئی کام
علم و ادب

داخلہ حاصل کرنے کی آخری تاریخ 17-09-2022
کلاسز کا آغاز: 19-09-2022 بروز سوموار انشاء اللہ

شرائط داخلہ
طالب علم کے والد/ والدہ/ سرپرست کا فون نمبر/ واٹس نمبر (Whatsapp No)
تازہ ترین فوٹو 02 عدد
داخلہ صرف میرٹ کی بنیاد پر ہوگا
میٹرک کی مارک شیٹ
نادرا فارم ب کی مصدقہ کاپی
بوقت انٹرویو امیدوار کے ہمراہ والد/ والدہ / سرپرست کا موجود ہونا لازمی ہے

خصوصیات
☆ آزاد کشمیر بھر کے سرکاری اور پرائیویٹ تعلیمی اداروں میں سب سے بہترین رزلٹ کا حامل ادارہ
☆ تعلیمی سیشن 21-2020 میں تعلیمی بورڈ میرپور کی پہلی 20 میں سے 16 پوزیشنز ☆ نہایت تجربہ کار پروفیسر صاحبان
☆ گزشتہ 5 سال سے جنرل شیلڈ کا حامل ادارہ ☆ انتہائی کم فیس ☆ کالج کیمپس میں اضافی کوچنگ کی سہولت
☆ کھیل کا وسیع میدان ☆ کورس کی بروقت تکمیل اور دہرائی ☆ کشادہ اور ہوادار کمرے ☆ اخلاقی تربیت

رابطہ نمبرز
05824-960026 , 0345-5560440
0334-5766329 , 0333-5716297
پرنسپل، کیپٹن حسین خان شہید گورنمنٹ پوسٹ گریجویٹ کالج راولاکوٹ

دھرتی کی آواز
کشمیر دھرتی
نیوز
KD NEWS
دلچسپ تبصرے
سیاسی تجزیے
انٹرویوز
تاریخی و تحقیقی رپورٹس
کلچر
سیاحت
اور بہت کچھ۔۔۔۔!
کشمیر کے خوبصورت نظاروں سے بھرپور چینل
تجربہ کار الیکٹرانک میڈیا پرسن کے ساتھ
Kashmir Dharti Digital Dailydharti/facebook Dailydharti / twitter Dailydharti / Instagram Dailydharti/group

چیف ایڈیٹر و پبلشر عابد صدیق نے کوہسار پریس سے چھپوا کر بینک روڈ راولاکوٹ سے شائع کیا۔ فون 05824-445864 ، فیکس 05824-445865 ای میل dailydharti@gmail.com